www.dailypakistanbulletin.PK

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ

پاکستان بلیٹن

کراچی

چیف ایڈیٹر: سِراج احمد

جلد نمبر11 | پیر27/اکتوبر2025ء بمطابق04 جمادی الاول1447ھ | شمارہ93 | قیمت10روپے

وزیراعظم کا ملک بھر کے گھریلو صارفین کیلئے گیس کنکشنز کھولنے کا اعلان

آر ایل این جی سے گھریلو صارفین کو معیاری ایندھن کی فراہمی ممکن ہوگی، ملک بھر میں لاکھوں صارفین گیس کنکشنز کے منتظر ہیں

ہماری حکومت نے ملک میں بیس بیس گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ بھی حل کیا تھا، پاکستان کی ترقی کیلئے دن رات محنت کرنی ہے

آج گیس کا مسئلہ بھی مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم سمیت اتحادی جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم کی حکومت نے حل کیا، وزیراعظم

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وزیر اعظم شہباز شریف نے ملک بھر میں گھریلو گیس کنکشن کھولنے کا اعلان کردیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آر ایل این جی سے گھریلو صارفین کو معیاری ایندھن کی فراہمی ممکن ہوگی، ملک بھر میں لاکھوں صارفین گیس کنکشنز کے منتظر ہیں، ہماری حکومت نے ملک میں بیس بیس گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ بھی حل کیا تھا، پاکستان کی ترقی کیلئے دن رات محنت کرنی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ری گیسفائیڈ لیکویفائیڈ نیچرل (آر ایل این) گیس کے گھریلو کنکشنز کے اجرا کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر نائب وزیر اعظم ووزیرخارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزرا، ارکان اسمبلی، ایس این جی پی ایل و اعلی سرکاری حکام بھی موجود تھے۔وزیراعظم نے کہا کہ گیس کنکشنز کی فراہمی بہت بڑا عوامی مطالبہ تھا۔....بقیہ صفحہ 3 نمبر30

فتنہ الخوارج کی افغانستان سے دراندازی کی کوشش ناکام، 25 دہشتگرد ہلاک

پاک فوج کے 5 جوان شہید

پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم اور غیر متزلزل ہیں، سیکیورٹی فورسز کی طرف سے ویژن عزم استحکام کے تحت خوارج کو ختم کرنے کے لیے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے

ترکیہ میں پاک افغان مذاکرات کے باوجود فتن الخوارج کی دراندازی کی کوششیں جاری ہیں، پاکستان مسلسل افغان حکومت سے اپنی سرحد کے اطراف میں موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنانے کا کہہ رہا ہے، آئی ایس پی آر

سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے میں فتن الخوارج کی سرحد سے دراندازی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 25دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جب کہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 5جوانوں نے جام شہادت نوش کیا۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق خوارج کے 2بڑے گروہوں نے25-24 اکتوبر کو گھکی کرم اور اسپن وام کے علاقوں میں دراندازی کی کوشش کی، اسپن وام میں فورسز کی مؤثر کارروائی کے دوران 4خودکش بمباروں سمیت 15خوارج ہلاک کردیے گئے۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ کرم کے علاقے گھکی میں مزید 10دراندازخوارج مارے گئے، ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور دھماکا خیز مواد برآمد کیا گیا۔ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 5جوان جام شہادت نوش کرگئے،شہید حوالدار منظور حسین کی عمر35 سال اور ضلع غذر گلگت بلتستان کے رہائشی تھے،شہید سپاہی نعمان الیاس کیانی کی عمر 23سال اور ضلع پونچھ آزاد کشمیر سے تعلق تھا۔آئی ایس پی آر کے مطابق شہید سپاہی محمد عادل کی عمر 24سال اور ضلع قصور کے رہائشی تھے،شہید سپاہی شاہ جہاں کی عمر25سال ضلع وہاڑی کے رہائشی تھے، شہید سپاہی علی اصغر کی عمر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر37

سعودی ولی عہد کی دعوت پر وزیراعظم آج سعودی عرب روانہ ہوں گے

وزیراعظم 27 سے29 اکتوبر تک مستقبل کی سرمایہ کاری کانفرنس ایف آئی آئی 9میں شرکت کرینگے

پاک سعودی قیادت کی ملاقاتوں میں علاقائی اور عالمی امور دلچسپی پر بھی گفتگو ہوگی، اعلامیہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سعودی عرب کے وزیراعظم ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی دعوت پر وزیراعظم شہباز شریف آج سے سعودی عرب کا دورہ کریں گے۔وزیراعظم شہباز شریف 27 سے 29 اکتوبر تک سعودی عرب کا دورہ کریں گے وزیراعظم شہباز شریف کی سربراہی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر39

وزیراعظم شہباز شریف گیسفائیڈ لیکویفائیڈ نیچرل گیس کے گھریلو کنکشنز کا اجراء کررہے ہیں

عمران خان کا سپاہی ہوں، مجھے کوئی ڈرا نہیں سکتا

سہیل آفریدی

بانی پی ٹی آئی نے میرا نام جب لیا تو کچھ لوگوں نے مجھ پر اعتراض کیا، پہلے ہمیں اس ایوان کا حصہ نہیں بننے نہیں دیا جاتا تھا

مجھے ناکام کرنے کی کوشش کرینگے، میرے اعصاب مضبوط ہیں، ہم دلیر ہیں، کسی سے ڈرنے والے نہیں، وزیراعلی خیبر پختونخوا

خیبر پختونخوا میں امن لے کر رہیں گے، پولیس کے لیے جدید اسلحہ خریدینگے، بلٹ پروف گاڑیاں خریدینگے، سہیل آفریدی

کرپشن پر زیرو ٹالرنس ہے، تمام سرکاری ملازمین عوام کے نوکر ہیں، میرے پروٹوکول کے لیے راستہ بند نہیں کرینگے، خطاب

پشاور(ویب ڈیسک)وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وفاقی وزرا نے غلیظ اور گھٹیا الزامات لگائے۔کرک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ میں سب کو سلام کہتا ہوں کرک والوں پشتونوں کی تاریخ بدلے گی ان شا اللہ، جس مقصد کے لیے جلسہ اور جرگے بلائے ہیں اس پر بات کرینگے، بانی پی ٹی آئی نے میرا نام جب لیا تو کچھ لوگوں نے مجھ پر اعتراض کیا، پہلے ہمیں اس ایوان کا حصہ نہیں بننے نہیں دیا جاتا تھا۔ان کا کہنا تھا کہ پہلے جس کے ساتھ بھٹو اور شریف جیسے الفاظ تھے، وہ صرف ایوان تک آتے تھے، مجھ پر الزامات لگائے گئے۔سہیل آفریدی نے کہا کہ میرے خلاف گھٹیا لہجہ استعمال ہوا، انتہائی بدتمیزی کی گئی، ڈی جی آئی ایس پی آر نے پشاور آکر پریس کانفرنس کی، وفاقی وزرا نے غلیظ اور گھٹیا الزامات لگائے، میں نے مہذب طریقے سے ان کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر26

وزیرداخلہ سے برطانوی ہائی کمشنر اور امریکی قائم مقام سفیر کی الگ الگ ملاقات

انسداد منشیات، انسانی سمگلنگ اور سیکورٹی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی گئی

پاکستان عالمی برادری کیساتھ مل کر دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے، وفاقی وزیرداخلہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ اور قائم مقام امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں میں دوطرفہ تعلقات، خطے کی مجموعی صورتحال اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔وزیر داخلہ اور .....بقیہ صفحہ 3 نمبر32

وزیراعظم شہباز شریف گیس کے گھریلو کنکشنز کے اجرا کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

معصوم لوگوں کا خون بہانہ جہاد نہیں فساد ہے، حافظ طاہر اشرفی

لاہور(ویب ڈیسک) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر اشرفی نے کہا ہے کہ معصوم لوگوں کا خون بہانہ جہاد نہیں فساد ہے۔صوبائی دارالحکومت سے جاری اپنے ایک ویڈیو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر45

لاہور: مسلم لیگ (ن) کے رہنما امیر مقام پریس کانفرنس کررہے ہیں

پاک افغان مسئلہ حل کرنا مشکل نہیں، فی الحال کچھ نہیں کررہا، ٹرمپ

کوالالمپور(ویب ڈیسک)امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ وہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جاری تنازعات کو بخوبی حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، تاہم فی الحال .....بقیہ صفحہ 3 نمبر46

مریم نواز کی ہدایت پر35600 سے زائد سپیشل بچوں کی ہیلتھ اسکریننگ

پنجاب میں پہلی مرتبہ سپیشل ایجوکیشن کے طلبا کی ہیلتھ سکریننگ کا جامع پروگرام شروع ہوچکا ہے

لاہور(ویب ڈیسک)وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے سپیشل بچوں کے لئے سپیشل اقدامات کئے ہیں -پنجاب میں پہلی مرتبہ سپیشل ایجوکیشن کے طلبا کی ہیلتھ سکریننگ کا جامع پروگرام شروع ہوچکا ہے۔وزیراعلی مریم نواز کی ہدایت پر صوبہ بھر میں 35600 سے زائد سپیشل بچوں کی ہیلتھ اسکریننگ کی گئی۔صوبہ بھر کے سپیشل ایجوکیشن کے مراکز میں زیر تعلیم 34ہزار سے زائد طلبا کا علاج معالجہ کیا گیا، آئی ٹیسٹنگ، دانتوں کا معائنہ اور دیگر امراض کا علاج کیا گیا ہے۔اسپیشل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر29

حکومت تبدیلی کا فیصلہ کن موڑ، آزاد کشمیر اسمبلی میں نمبر گیم مکمل

پی پی کا دعویٰ

بیرسٹر گروپ کے 5 اور مہاجرین نشستوں کے 5 ارکان پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں، دو ارکان کی حمایت خفیہ رکھی گئی ہے

30 سے زائد ارکان اسمبلی ہمارے ساتھ ہیں، مسلم لیگ (ن) کی حمایت کے بغیر حکومت بنا سکتے ہیں، پی پی کا دعوی

پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری ریاض نے وزرا کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کی بھی تصدیق کردی، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد(ویب ڈیسک) آزاد کشمیر میں سیاسی صورتحال فیصلہ کن موڑ پر پہنچ گئی، پیپلزپارٹی آزاد کشمیر نے نمبر گیم مکمل ہونے کا دعوی کردیا۔ پارٹی ذرائع کے مطابق پیپلزپارٹی کی قیادت کا دعوی ہے کہ 30 سے زائد ارکان اسمبلی ہمارے ساتھ ہیں، مسلم لیگ (ن) کی حمایت کے بغیر حکومت بناسکتے ہیں، فریال تالپور کی جانب سے سندھ ہاس اسلام آباد میں رات 10 بجے ڈنر ۔اسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر35

پاکستان ایئر ڈیفنس سسٹم کی کاروائی انڈیا کو ہنگامی میٹنگ طلب کرنی پڑ گئی

یہ واقعہ صرف ایک تکنیکی کامیابی نہیں بلکہ ایک اسٹرٹیجک پیغام بھی ہے' تجزیہ نگار

کراچی(ویب ڈیسک)پاکستان ایئر ڈیفنس سسٹم کی ایک جارحانہ کاروائی انڈیا کو ہنگامی میٹنگ طلب کرنی پڑ گئی، ذرائع کے مطابق 23 اکتوبر2025 کو پاک فضائیہ نے ایک ایسی پیشہ ورانہ عمدگی کا مظاہرہ کیا جو نہ صرف تکنیکی برتری کی عکاسی کرتا ہے بلکہ اس نے علاقائی طاقت کے توازن کو ایک نئی جہت عطا کردی۔ ایک بھارتی فضائیہ کا خصوصی الیکٹرانک وارفیئر اور انٹیلی جنس جمع کرنے والا جہاز، جو گلف اسٹریم جی فائیو فنٹی کا ای ایل آئی این ٹی اور آئی ایس آر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر36

چیف سیکریٹری سندھ کا ایم ڈی کیٹ کے شفاف انعقاد پر اظہارِ اطمینان

اسلام آباد سمیت سندھ بھر میں قائم 10 امتحانی مراکز میں 32ہزار 531 سے زائد امیدواروں نے شرکت کی

کراچی(اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے صوبے بھر میں ایم ڈی کیٹ کے کامیاب اور شفاف انعقاد پر اظہار اطمینان کیا اور سکھر آئی بی اے کی نگرانی میں ہونے والے امتحان کے انتظامات کو سراہا۔ چیف سیکریٹری سندھ نے بتایا کہ امتحان کے دوران مکمل شفافیت یقینی بنانے کے لیے تین سطحی ویجیلینس نظام قائم کیا گیا تھا۔ ہر امتحانی مرکز کے لیے سکھر آئی بی اے، محکمہ صحت، اور ضلعی انتظامیہ پر مشتمل تین علیحدہ ٹیمیں تشکیل دی گئی تھیں۔مزید بتایا گیا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر38

پاک بحریہ میں 3 جدید ترین ٹی ڈی ہوور کرافٹ شامل

پاک بحریہ کی دفاعی صلاحیت قوم کے بلند حوصلے کی طرح مضبوط ہے، نیول چیف

نئے ہوور کرافٹ مختلف سطحوں پر بیک وقت کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں

کراچی(ویب ڈیسک) نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا ہے کہ سمندر سے ساحل تک ہمارا دفاعی نظام ناقابل تسخیر ہے، جدید ترین ہوور کرافٹ کی شمولیت پاک بحریہ کی آپریشنل صلاحیت میں اہم اضافہ ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق نیول .....بقیہ صفحہ 3 نمبر28

بین الاقوامی امور کی ماہر پروفیسر ڈاکٹر نوشین وصی کراچی میں سیمینا سے خطاب کررہی ہیں

عدلیہ میں اصلاحات ایک نئے دور کا آغاز ہے

چیف جسٹس

اصلاحات کا مقصد ایسا نظام انصاف جو بروقت، شفاف اور عوام دوست ہو، 45 سال بعد سپریم کورٹ رولز کے نفاذ سے ڈیجیٹل دور کا آغاز ہوا

چیف جسٹس نے عدالتی نظام کی بہتری پر تمام ججز اور اداروں کو خراج تحسین پیش کیا اور ہائی کورٹس، ضلعی عدلیہ کی کارکردگی کو سراہا، جاری اعلامیہ

اسلام آباد(ویب ڈیسک)چیف جسٹس پاکستان یحیی آفریدی نے کہا ہے کہ عدلیہ میں اصلاحات ایک نئے دور کا آغاز ہے۔سپریم کورٹ سے جاری اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس نے عدالتی نظام کی بہتری پر تمام ججز اور اداروں کو خراج تحسین پیش کیا اور ہائی کورٹس، ضلعی عدلیہ کی کارکردگی کو سراہا۔اعلامیہ میں بتایا گیا کہ انہوں نے کہا کہ عدلیہ میں اصلاحات ادارہ جاتی تعاون کا نتیجہ ہیں،اصلاحات ایک نئے دور کا آغاز ہیں، اصلاحات کا مقصد ایسا نظام انصاف جو بروقت، شفاف اور عوام دوست ہو،45سال بعد سپریم کورٹ رولز 2025 کے نفاذ سے ڈیجیٹل دور کا آغاز ہوا۔جسٹس یحیی آفریدی کا کہنا تھا کہ سپریم کورٹ رولز 2025 کا مقصد شفافیت، تیز انصاف اور ڈیجیٹل سہولت ہے، سال .....بقیہ صفحہ 3 نمبر34

آرٹیکل 370 ختم کرنے کے بعد انڈیا خود مشکل میں پڑ چکا

ڈاکٹر نوشین وصی

انڈیا نے کشمیر میں بہت زیادہ استحصال کیا ہے، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں جاری ہیں، ایک لاکھ سے زائد کشمیری شہید ہو چکے

"آرٹیکل 370 ختم کرنے کے بعد انڈیا خود مشکل میں پڑ چکا، لداخ نے علیحدہ ریاست کا مطالبہ کردیا، کراچی میں سیمینار سے خطاب

کراچی(اسٹاف رپورٹر) کشمیر یوم سیاہ کی مناسبت سے پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے کراچی دفتر میں ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں بین الاقوامی امور کی ماہر پروفیسر ڈاکٹر نوشین وصی نے خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ انڈیا نے کشمیر میں بہت زیادہ استحصال کیا ہے، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں جاری ہیں، ایک لاکھ سے زائد کشمیری شہید ہوچکے، لاکھوں کی تعداد میں بھارتی فوج کشمیر میں تعینات ہے۔انہوں نے بتایا کہ صرف چند ہفتے قبل ہی لداخ میں بی جی پی حکومت کے خلاف عوام نے احتجاج کیا اور پارٹی دفتر کو آگ لگادی۔ان کا مطالبہ ہے کہ ہمیں ریاست کا درجہ دیا جائے تاکہ گورننس بہتر ہو، آرٹیکل 370 ختم کرنے کے بعد انڈیا خود مشکل میں پڑچکا ہے کیونکہ اس سے کشمیر نہیں سنبھل رہا۔ڈاکٹر نوشین وصی نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر31

ابھی واضح نہیں آزاد کشمیر کا وزیراعظم کون ہوگا، نیئر بخاری

اسلام آباد(ویب ڈیسک)سابق چیئرمین سینیٹ وسیکرٹری جنرل پیپلزپارٹی نیئر حسین بخاری نے کہا ہے کہ ابھی واضح نہیں کہ آزاد کشمیر کا وزیراعظم کون ہوگا۔نجی ٹی وی میں گفتگو کرتے ہوئے نیئر حسین بخاری کا کہنا تھا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر27

کشمیری آج بھارتی فوجی جارحیت کے خلاف یوم سیاہ منائیں گے

مظفر آباد(ویب ڈیسک)کل جماعتی حریت کانفرنس کے کنوینر غلام محمد صفی نے کہا ہے کہ لائن آف کنٹرول کے دونوں اطراف، پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیری آج بھارتی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر25

کراچی میں ایم ڈی کیٹ کے امیدوار امتحان دے رہے ہیں

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ
ABC Certified
پاکستان بلیٹن
کراچی
چیف ایڈیٹر: سراج احمد
مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفی

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
☎ 021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

بلوچستان: سندھ سے تعلق رکھنے والے 18 مزدور اغواء

بلوچستان کے ضلع خضدار کے علاقے نال کلیری میں مسلح افراد نے ایک تعمیراتی کمپنی کے کیمپ پر حملہ کر کے 18 مزدوروں کو اغوا کر لیا اور بھاری مشینری سمیت متعدد گاڑیوں کو آگ لگا دی۔ یہ واقعہ ایک ہفتے میں مزدوروں کے اغوا کا دوسرا بڑا سانحہ ہے۔ مسلح افراد نے پہلے شاہراہ بلاک کر کے ٹریفک روکی، پھر کمپنی کے کرش پلانٹ پر دھاوا بول دیا۔ ابتدائی طور پر 20 مزدور اغوا کیے گئے تھے جن میں سے 2 کو بعد میں چھوڑ دیا گیا جبکہ 18 اب بھی لاپتا ہیں۔ لیویز، ایف سی اور سی ٹی ڈی نے علاقے کو گھیرے میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ چند روز قبل مستونگ کے علاقے دشت سے بھی 9 مزدور اغوا کیے گئے تھے جس کے بعد صوبے میں اغوا شدہ مزدوروں کی کل تعداد 27 ہوگئی۔ اغوا ہونے والے مزدوروں میں اکثریت کا تعلق سندھ سے ہے۔ پہلے کچھ حلقے یہ کہتے رہے کہ بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی صرف پنجابیوں کے خلاف ہے اور بعض شقی القلب عناصر تو اس پر خوشی کا اظہار بھی کرتے تھے۔ لیکن اب دہشت گردوں نے سندھ کی طرف رخ کر لیا ہے اور بعید نہیں کہ آنے والے وقت میں وہ دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو بھی نشانہ بنائیں۔ یہ مسئلہ کسی ایک صوبے یا قومیت کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا مشترکہ مسئلہ ہے۔ یہ دہشت گردی دراصل بھارت کی پشت پناہی سے جاری ہے، خود دہشت گرد گروہ بھی اس امر کا اعتراف کر چکے ہیں کہ انھیں مالی امداد، اسلحہ اور دیگر وسائل بھارت سے ملتے ہیں، لہذا اب وقت آ گیا ہے کہ تمام صوبے اور قومیتیں ایک آواز ہو کر اس دہشت گردی کے خلاف متحد ہوں۔ اگر اسے جڑ سے نہ اکھاڑا گیا تو نقصان سب کو ہوگا اور قیمت بھی سب کو ادا کرنی پڑے گی۔ آج سندھ کے مزدور اٹھائے گئے ہیں، کل خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت یا دیگر علاقوں سے تعلق رکھنے والے لوگ بھی نشانہ بن سکتے ہیں۔ اس لیے اختلافات میں الجھنے کے بجائے قوم کو متحد ہو کر اس خطرے کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

ڈیجیٹل ادائیگی، ایک صائب فیصلہ

شاہد قادر

کیو آر کوڈ پر مبنی ڈیجیٹل ادائیگی کا نظام ایک ایسا نظام ہے جس میں صارفین اپنے اسمارٹ فونز پر کیو آر کوڈ کو اسکین کر کے تیزی سے ادائیگی کر سکتے ہیں۔ یہ نظام ایک کیو آر کوڈ جنریٹ کرتا ہے، جس میں ادائیگی کی تمام معلومات ہوتی ہیں، جیسے کہ تاجر کی تفصیلات اور رقم۔ صارف اپنا اسمارٹ فون استعمال کر کے اس کوڈ کو اسکین کرتا ہے، جس کے بعد تصدیق ہونے پر ادائیگی ہو جاتی ہے۔ اور رقم صارف کے اکاؤنٹ سے تاجر کے اکاؤنٹ میں منتقل ہو جاتی ہے۔ یہ نظام روایتی ادائیگی کے طریقوں کے مقابلے میں زیادہ محفوظ، تیز اور آسان ہے۔

پاکستان میں ڈیجیٹل پیمنٹس کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے ایک اہم سنگ میل کے طور پر، لنک انٹرنیشنل ایکسچینج کمپنی) پرائیویٹ (لمیٹڈ، جو ملک کی سب سے بڑی اور قابل اعتماد ایکسچینج کمپنیوں میں شمار ہوتی ہے، نے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ساتھ اشتراک کرتے ہوئے راست (Raast) کے تحت کیو آر کوڈ پر مبنی ادائیگیوں کا نظام متعارف کرا لیا ہے۔ یہ اقدام لنک ایکسچینج کی ڈیجیٹلائزیشن، کیش لیس معیشت اور زیرو فیس سروسز کی جانب سفر میں ایک تاریخی پیش رفت ہے، جو صارفین کو محفوظ، تیز رفتار اور آسان ادائیگی کا تجربہ فراہم کرے گا۔ لنک انٹرنیشنل ایکسچینج، 2012 میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان سے کیٹیگری-اے فل آپشن لائسنس حاصل کر کے قائم کی گئی تھی، اس وقت ملک بھر میں اپنی 75 سے زائد مکمل طور پر ملکیتی شاخوں کے ذریعے بین الاقوامی ہوم ریمیٹنس اور کرنسی ایکسچینج کی خدمات لاکھوں پاکستانیوں کو فراہم کر رہی ہے۔

یہ اشتراک تاجروں اور صارفین دونوں کو راست کے تحت جاری کردہ معیاری کیو آر کوڈز کے ذریعے فوری اور باہمی طور پر منسلک ادائیگیوں کی سہولت دیتا ہے۔ یہ کوڈز اسٹیٹ بینک کے رہنما اصولوں کے مطابق تیار کیے گئے ہیں اور 13 مرچنٹ ایگریگیٹرز کے تعاون سے نافذ کیے جا رہے ہیں۔ یہ نظام بینکوں اور ادائیگی کے تمام پلیٹ فارمز پر قابل استعمال ہے، جس سے مالی شمولیت، شفافیت اور سہولت میں اضافہ ہوگا۔ یہ اشتراک پاکستان میں ڈیجیٹل ٹرانس فارمیشن کے فروغ کے لیے ہماری بھرپور عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ لنک انٹرنیشنل ایکسچینج کے سی ای او، سلیم امجد نے کہا کہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے راست فریم ورک کو اختیار کرتے ہوئے ہم کاروباری طبقے اور عام صارفین کو محفوظ، آسان اور شفاف لین دین کی سہولت فراہم کر رہے ہیں۔

لنک انٹرنیشنل ایکسچینج کمپنی ڈیجیٹل مصنوعات کے اس نئے سلسلے کو اپنا کر منی لانڈرنگ اور غیر قانونی مارکیٹ) گرے مارکیٹ (کے خلاف موثر کردار ادا کرے گی، اور مزید زرمبادلہ قانونی ذرائع سے ملک میں لاتے ہوئے پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر، اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور وزیراعظم کے وژن کی تکمیل میں اہم کردار ادا کرے گی۔ اس موقع پر چیف گیسٹ چیف منیجر اسٹیٹ بینک لاہور طارق ریاض، ڈپٹی چیف منیجر سرفراز اور ان کی ٹیم نے تقریب کا افتتاح کیا، جبکہ بینک الحبیب، بینک الفلاح، یو بی ایل بینک، اور سونیری بینک کے نمائندگان نے بھی شرکت کی۔ حکومتی اداروں، مختلف شعبوں اور میڈیا کی معروف شخصیات نے اس تقریب میں شرکت کی اور لنک انٹرنیشنل ایکسچینج کے اس انقلابی اقدام کو سراہا اور پاکستان کی ڈیجیٹل ترقی کے لیے خوش آئند قرار دیا۔

یہ منصوبہ مالی شمولیت اور ڈیجیٹل طور پر بااختیار پاکستان کے اسٹیٹ بینک کے وژن سے ہم آہنگ ہے، جس کا مقصد نقد رقم کے استعمال میں کمی اور باضابطہ مالی چینلز کے فروغ کو بالخصوص دور دراز اور کم سہولتی علاقوں میں یقینی بنانا ہے۔ اس اقدام کے ذریعے لنک انٹرنیشنل ایکسچینج نے ایک بار پھر اپنی اختراعات میں قائدانہ حیثیت ثابت کی ہے، جو روایتی کاؤنٹر سروسز سے آگے بڑھتے ہوئے ڈیجیٹل، کیش لیس اور کسٹمر۔ سینٹرک مالی حل فراہم کر رہی ہے، جو پاکستان میں اعتماد، سہولت اور معاشی استحکام کو فروغ دیتے ہیں۔

پاکستان کی مالیاتی مارکیٹ کے نگران ادارے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ملک میں کیش لیس معیشت کو فروغ دینے اور ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے ایک اہم اور تاریخی ہدایت جاری کر رکھی ہے۔ اس ہدایت کے مطابق تمام ریگولیٹڈ اور لائسنس یافتہ اداروں کو اپنے کاروباری مراکز پر لازمی طور پر ڈیجیٹل ادائیگی کا نظام، خصوصاً راست کیو آر کوڈ متعارف کرانا اور اسے نمایاں طور پر آویزاں کرنا ہوگا۔ ایس ای سی پی نے تمام رجسٹرڈ کمپنیز کو 31 اکتوبر 2025 تک کا وقت دیا ہے تاکہ وہ اپنے نظام کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کے قابل بنائیں۔ بعدازاں کوئی بھی ادارہ صارف کو یہ نہیں کہہ سکے گا کہ وہ صرف نقدی میں ادائیگی کرے۔ اس فیصلے کا مقصد پاکستان کی معیشت کو نقدی پر انحصار کرنے کی بجائے ایک جدید اور شفاف نظام کی طرف لے جانا ہے، جہاں نہ صرف کاروبار کے لیے آسانی پیدا ہو بلکہ عوام کو بھی سہولت ملے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ یہ فیصلہ کن اداروں پر لاگو ہوگا؟۔

ایس ای سی پی کی ہدایت کے مطابق نان بینکنگ فنانس کمپنیاں (این بی ایف سیز)، انشورنس کمپنیاں، مضاربہ ادارے، سکیورٹیز بروکرز اور دیگر لائسنس یافتہ مارکیٹ انٹرمیڈیریز سب اس فیصلے کے پابند ہوں گے۔ ان اداروں کو نہ صرف ڈیجیٹل ادائیگی کا نظام اپنانا ہوگا بلکہ اس نظام کو اپنے کسٹمر سروس پوائنٹس پر نمایاں طور پر آویزاں بھی کرنا ہوگا تاکہ صارفین کو سہولت میسر ہو۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے تیار کردہ راست نظام کو خاص اہمیت دی گئی ہے، جو کہ تیز رفتار، محفوظ اور کم لاگت ادائیگیوں کے لیے ایک موثر ذریعہ ہے۔ اس کے تحت صارفین صرف ایک کیو آر کوڈ سکین کر کے بل یا فیس ادا کر سکیں گے۔ ایس ای سی پی کا یہ فیصلہ حکومت پاکستان کے اس بڑے وژن کا حصہ ہے، جس کا مقصد ملک میں ڈیجیٹائزیشن کو فروغ دینا اور نقدی کے بغیر معیشت (کیش لیس اکانومی) کی بنیاد رکھنا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ نقدی پر مبنی لین دین پاکستان میں سب سے بڑی رکاوٹ رہا ہے، جس کی وجہ سے نہ صرف ٹیکس نیٹ محدود رہا بلکہ کاروباری لین دین میں شفافیت بھی کم رہی۔ ایس ای سی پی کے مطابق یہ فیصلہ سٹیٹ بینک آف پاکستان کی ڈیجیٹائزیشن مہم کے ساتھ ہم آہنگ ہے۔ حکام نے وضاحت کی ہے کہ اس اقدام سے نہ صرف مالی شمولیت بڑھے گی بلکہ عوام کو ادائیگی کے بہتر اور محفوظ طریقے بھی میسر آئیں گے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ عوام کو کیا فائدہ ہوگا؟۔

اس فیصلے کا سب سے زیادہ فائدہ عام شہریوں کو ہوگا۔ آج بھی اکثر لوگ یہ شکایت کرتے ہیں کہ انشورنس کمپنی یا کسی بروکر آفس پر انہیں بتایا جاتا ہے کہ صرف کیش میں ادائیگی قبول کی جائے گی۔ اب یہ شکایت ختم ہو جائے گی۔ اگر واقعی ہر جگہ راست کیو آر کوڈ دستیاب ہو تو ہمیں کیش رکھنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ یہ نہ صرف آسان ہوگا بلکہ محفوظ بھی ہوگا۔ یعنی عوام کے لیے اب صورت حال یہ ہوگی کہ بیمہ کی قسط ہو، سرمایہ کاری کی فیس یا کسی اور سروس کی ادائیگی، وہ صرف ایک کیو آر کوڈ سکین کر کے رقم منتقل کر سکیں گے۔ ماہرین کے مطابق یہ فیصلہ کاروباری اداروں کے لیے بھی فائدہ مند ہوگا۔ ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام سے ادارے اپنے حساب کتاب کو بہتر رکھ سکیں گے۔ جھگڑوں اور شکایات میں کمی آئے گی اور کاروباری لاگت بھی کم ہوگی۔ ایس ای سی پی کے مطابق ڈیجیٹل ادائیگیاں صرف ٹیکنالوجی نہیں بلکہ اعتماد، شفافیت اور سہولت کا ذریعہ ہیں۔ یہ کاروباری لاگت کم کرتی ہیں اور صارفین کے لیے آسانی پیدا کرتی ہیں۔

اس منصوبے کا سب سے اہم پہلو یہ ہے کہ راست کیو آر کوڈ اداروں کو بالکل مفت فراہم کیا جا رہا ہے۔ ایس ای سی پی نے واضح کیا ہے کہ کمپنیوں کو اپنے بینکوں، مائیکروفنانس بینکوں اور الیکٹرانک منی انسٹی ٹیوشنز سے تعاون کرنا ہوگا تاکہ وہ بروقت یہ سہولت حاصل کر سکیں۔ اس طرح چھوٹے ادارے بھی اس نظام کو با آسانی اپنا سکیں گے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگرچہ یہ فیصلہ انقلابی ہے لیکن کچھ چیلنجز اپنی جگہ موجود ہیں۔ بہت سے اداروں کو اپنے بیک اینڈ سسٹمز میں تبدیلیاں کرنا ہوں گی۔ اس کے علاوہ عملے کو تربیت دینا ہوگی تاکہ وہ صارفین کی بہتر رہنمائی کر سکیں۔ چھوٹے شہروں اور قصبوں میں صارفین کو کیو آر کوڈ کے ذریعے ادائیگی کرنے کے بارے میں آگاہی دینا ایک بڑا کام ہوگا۔ ان کا کہنا ہے کہ انفراسٹرکچر تو دستیاب ہے مگر اصل چیلنج عوامی شعور اور اعتماد ہے۔

پاکستانی حکومت اور ریگولیٹری ادارے پچھلے کچھ برسوں سے نقدی کے استعمال کو کم کرنے کے لیے مسلسل اقدامات کر رہے ہیں۔ مقصد یہ ہے کہ معیشت کو زیادہ شفاف بنایا جائے اور ٹیکس نیٹ میں اضافہ کیا جا سکے۔ اس فیصلے کے نتیجے میں حکومت کو یہ امید ہے کہ زیادہ تر مالیاتی ادارے اور ان کے صارفین اب ڈیجیٹل چینلز کے ذریعے لین دین کریں گے، جس سے ریکارڈ زیادہ شفاف اور ٹریس ایبل ہوگا۔ ماہرین کے مطابق یہ فیصلہ طویل المدتی تناظر میں پاکستان کے مالیاتی نظام میں بڑی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہو سکتا ہے۔ پاکستان میں اب تک زیادہ تر ڈیجیٹل ادائیگیوں کا استعمال افراد کے درمیان رقم بھیجنے تک محدود رہا ہے۔ لیکن ادارہ جاتی سطح پر اس کا فروغ ضروری تھا۔ ایس ای سی پی کا یہ فیصلہ اس سمت میں ایک اہم قدم ہے۔ اب جب کہ ڈیڈ لائن میں صرف چند دن باقی رہ گئے ہیں تو بڑی کمپنیاں آسانی سے اس ہدف کو پورا کر لیں گی۔ تاہم درمیانے درجے کے بروکرز اور چھوٹی این بی ایف سیز کے لیے یہ تبدیلی کچھ مشکل ہو سکتی ہے۔ مگر ماہرین کا خیال ہے کہ چونکہ دباؤ براہ راست ریگولیٹر کی طرف سے ہے، اس لیے اس بار یہ فیصلہ محض کاغذی کارروائی نہیں رہے گا بلکہ عملی شکل اختیار کرے گا۔ پاکستان کی معیشت کے لیے یہ ایک بڑا اور تاریخی قدم ہے۔ اگر یہ پالیسی کامیابی سے نافذ ہو گئی تو نہ صرف صارفین کو سہولت ملے گی بلکہ ملک بھی کیش لیس اکانومی کی جانب نمایاں پیشرفت کرے گا۔

پاک-ترک تعلیمی معاہدے 2025 طلبہ تبادلہ اور اسکالرشپ پروگرامز

شبانہ ایاز

پاکستان اور ترکیہ کے مابین گہرے تاریخی، ثقافتی، اور جذباتی رشتوں کی بدولت دونوں ممالک "ایک قوم، دو ریاستیں" کے عظیم نعرے سے جڑے ہیں۔ پاک-ترک تعلیمی معاہدے 2025 اور ترکیہ میں پاکستانی طلبہ کے لیے اسکالرشپ کے مواقع اس دوستی کو مزید مضبوط کرنے کا اہم ذریعہ بن رہے ہیں۔ وزیراعظم پاکستان جناب محمد شہباز شریف کے خصوصی اقدام کے تحت اعلی کارکردگی دکھانے والے پاکستانی طلبہ کا ایک وفد ان دنوں ترکیہ کے دورے پر ہے، جو تعلیمی فضیلت کو خراج تحسین پیش کرنے اور پاک-ترک تعلیمی و ثقافتی تعاون کو فروغ دینے کا عظیم مقصد رکھتا ہے۔

پاک-ترک تعلیمی معاہدوں کی تفصیلات

پاک-ترک تعلیمی معاہدے 2025 کے تحت ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) پاکستان اور ترکیہ کی یونیورسٹیوں کے درمیان متعدد ایم او یوز پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اگست 2025 میں پرائم منسٹر یوتھ پروگرام (PMYP) اور ترکش معارف فاؤنڈیشن کے مابین ایک تاریخی معاہدہ طے پایا، جس کے تحت 250 پاکستانی طلبہ کو ترکیہ میں فل فنڈڈ اسکالرشپس دی جائیں گی۔ یہ اسکالرشپس بیچلرز، ماسٹرز، اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے لیے ہیں، جن میں ماہانہ سٹائپنڈ، رہائش، اور ہیلتھ انشورنس شامل ہیں۔ ترکیہ برسلاری اسکالرشپ پروگرام پاکستانی طلبہ کے لیے ایک اہم موقع ہے، جو 50 سے زائد ترک یونیورسٹیوں میں داخلہ فراہم کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، ایریزمس + اور میولانا ایکسچینج پروگرامز پاکستانی طلبہ کو 1-2 سمسٹر کے لیے ترکیہ میں تعلیم کے مواقع دیتے ہیں۔

21 اکتوبر 2025 کو انقرہ میں پاکستانی سفارتخانے نے اس تعلیمی وفد کے اعزاز میں ایک شاندار ثقافتی تقریب کا اہتمام کیا، جس میں پاکستانی سفیر ڈاکٹر یوسف جنید اور ترک وزارت تعلیم کے ڈائریکٹر جنرل ایوپ تایلدز شریک ہوئے۔ پاکستانی سفارتخانے کے بین الاقوامی مطالعاتی گروپ (PEISG) کے طلبہ نے پاک-ترک مشترکہ ثقافتی ورثے کو اجاگر کرنے والی پرفارمنس پیش کیں۔ سفیر جنید نے اپنے خطاب میں پاک-ترک تعلیمی معاہدے 2025 کے وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ترکیہ کے ساتھ تعاون کو مضبوط کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو پاکستان کے سفیر بن کر ترکیہ کے تعلیمی تجربات سے سیکھنے کی ہدایت کی۔

ترک وزارت تعلیم کے ڈائریکٹر جنرل ایوپ تایلدز نے کہا کہ یہ دورہ دونوں ممالک کے طلبہ کے لیے ایک دوسرے کی ثقافت کو سمجھنے اور پائیدار دوستی قائم کرنے کا موقع ہے۔ انہوں نے طلبہ و اساتذہ کے تبادلے اور مشترکہ تحقیق کو فروغ دینے کے لیے ترکیہ کی وابستگی کا اعادہ کیا۔

ترکیہ میں پاکستانی طلبہ کے لیے اسکالرشپ کے مواقع تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ ترکیہ برسلاری اسکالرشپ پروگرام کے تحت ہزاروں پاکستانی طلبہ ترکیہ کی یونیورسٹیوں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ پاک-ترک معارف انٹرنیشنل سکولز کا نیٹ ورک بھی 2025 کے "یوتھ کلچرل ایکسچینج پروگرام" کے تحت پاکستانی طلبہ کو ترکیہ بھیج رہا ہے۔ تاہم، ترکش زبان کی ضرورت اور ویزا مسائل چیلنجز ہیں، جنہیں دونوں حکومتیں حل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔

تعلیمی وفد نے انقرہ میں مصطفی کمال اتاترک کے مزار، انیت کبیر، کا دورہ کیا اور خراج عقیدت پیش کیا۔ صدارت برائے ترکس ابروڈ اینڈ ریلیٹڈ کمیونٹیز (YTB) میں طلبہ کو ترکیہ کے تعلیمی نظام اور اسکالرشپس کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ مشرق وسطی ٹیکنیکل یونیورسٹی (METU) اور صدارتی قومی لائبریری کے دوروں نے طلبہ کو ترکیہ کے تعلیمی اور ثقافتی ماحول سے متاثر کیا۔

23 اکتوبر 2025 کو وفد نے ترک وزارت تعلیم کا دورہ کیا، جہاں وزیر تعلیم یوسف تکین نے ان کا استقبال کیا۔ انہوں نے پاک-ترک دوستی کو ایک مثالی رشتہ قرار دیا۔ طالبہ انا فاروقی نے وزیراعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے پاک-ترک تعلیمی معاہدے 2025 کے ذریعے یہ موقع فراہم کیا۔

یہ 149 طلبہ کا وفد، جس کا پہلا گروپ 70 طلبہ پر مشتمل ہے، استنبول میں تین دن گزار چکا ہے، جہاں انہوں نے تاریخی مقامات اور یونیورسٹیوں کا دورہ کیا۔ یہ دورہ پاک-ترک دوستی کے ایک نئے عہد کی بنیاد رکھ رہا ہے، جو نئی نسل کو بااختیار بنانے کے لیے انتہائی پرعزم ہے۔

ٹی ایل پی پر پابندی: ریاستی اتھارٹی کا سوال

فضل حسین اعوان

وفاقی کابینہ نے تحریک لبیک پاکستان (ٹی ایل پی) پر انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کے تحت پابندی عائد کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ وزارت داخلہ کی جانب سے پنجاب حکومت کی سفارش پر پیش کی گئی سمری کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ جماعت کو کالعدم قرار دینے کے لیے سیکشن 11B(1) کے اختیارات استعمال کیے جائیں۔ تاہم، حتمی منظوری کے لیے ریفرنس سپریم کورٹ کو ارسال کیا جائے گا۔

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرِ صدارت ہونے والے اجلاس میں پنجاب حکومت کے اعلی افسران نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس کو ٹی ایل پی کی گزشتہ برسوں کی سرگرمیوں پر بریفنگ دی گئی، جنہیں حکومت نے پرتشدد اور دہشت گردانہ نوعیت کی قرار دیا۔ وفاقی وزرا کو بتایا گیا کہ 2016 میں قائم ہونے والی یہ تنظیم ملک کے مختلف حصوں میں شرانگیزی، تصادم اور ریاستی اداروں پر حملوں میں ملوث رہی ہے۔ حکومت کے مطابق 2021 میں دی گئی ضمانتوں سے روگردانی، پرتشدد احتجاج، اور پولیس اہلکاروں کی ہلاکتیں پابندی کی بنیادی وجوہات ہیں۔ کابینہ کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ 2021 میں بھی پی ٹی آئی حکومت نے اس پر پابندی لگائی تھی جو بعدازاں اس شرط پر ختم کر دی گئی کہ تنظیم مستقبل میں کسی پرتشدد سرگرمی میں ملوث نہیں ہوگی۔ تاہم، حالیہ احتجاجی لہر اور مرید کے میں ہونے والے تصادم نے ایک بار پھر اس بحث کو زندہ کر دیا ہے۔ حکومت کے مطابق مرید کے، کے واقعے میں پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپوں میں پانچ افراد جاں بحق ہوئے جن میں ایک پولیس افسر اور تین ٹی ایل پی کارکن شامل تھے۔ پولیس کے مطابق مظاہرین نے پیٹرول بم، ڈنڈے، شیشے کی گولیاں اور چھینا ہوا اسلحہ استعمال کیا، جبکہ درجنوں سرکاری و نجی گاڑیاں نذرِ آتش ہوئیں۔

وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمی بخاری نے پریس کانفرنس میں بتایا کہ تحریک لبیک پاکستان کے 3,600 اندرون و بیرون ملک مالی معاونت کنندگان کی نشاندہی ہو چکی ہے۔

ان کے مطابق 2021 میں پولیس سے چھینا گیا اسلحہ حالیہ احتجاج میں دوبارہ استعمال کیا گیا، جبکہ 28 اسلحہ ڈیلرز کے لائسنس منسوخ کر دیے گئے ہیں۔ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والوں کے لیے کوئی نرمی نہیں برتی جائے گی، اور اگر کسی نے ہڑتال یا احتجاج کے نام پر کاروبار زبردستی بند کرایا تو اس کے خلاف دہشت گردی کے مقدمات درج ہوں گے۔ پنجاب بھر میں امن کمیٹیاں فعال کر دی گئی ہیں اور غیر قانونی افغان باشندوں کے خلاف بھی کومبنگ آپریشن جاری ہے تاکہ امن و امان برقرار رکھا جا سکے۔

عظمی بخاری نے واضح کیا کہ مساجد بند نہیں کی جا رہیں، تاہم لاؤڈ اسپیکر کا استعمال صرف اذان اور جمعہ کے خطبے تک محدود ہوگا، اور اشتعال انگیزی پر کارروائی ہوگی۔

وزیرِ مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ ماضی میں ٹی ایل پی سے پابندی ہٹانے کے بدلے کچھ ضمانتیں لی گئی تھیں جنہیں تنظیم نے بعد میں توڑا۔ ان کا کہنا تھا کہ شواہد کے مطابق چند شہروں میں چندے کے نام پر بھتہ وصول کیا گیا اور مخصوص علاقوں میں جائیدادیں خریدی گئیں جو جماعتی مقاصد کے لیے استعمال ہو رہی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ "ریاست اب کسی قسم کی انتہا پسندی برداشت نہیں کرے گی۔" طلال چوہدری نے عندیہ دیا کہ اگلے مرحلے میں تنظیم کے اثاثوں پر قانونی کارروائی کی جائے گی۔

تجزیہ نگاروں کے مطابق تحریک لبیک پاکستان اور مسلم لیگ) ن (کے درمیان تعلقات کشیدہ رہے ہیں۔ 2017 میں اسی جماعت کے دھرنے کے نتیجے میں اس وقت کے وزیر قانون زاہد حامد کو استعفی دینا پڑا تھا، جو نون لیگ کی حکومت کے لیے ایک بڑی سیاسی پسپائی سمجھی گئی۔

یہ سوال اب پھر اٹھایا جا رہا ہے کہ کیا موجودہ پابندی کا فیصلہ خالصتاً قانونی اور سلامتی بنیادوں پر کیا گیا ہے؟

حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹی ایل پی کے خلاف موجودہ اقدام ریاستی رٹ کے تحفظ کے لیے کیا گیا ہے۔

تحریک لبیک پاکستان پر پابندی کا فیصلہ پاکستان کی داخلی سیاست اور مذہبی گروہ بندیوں کے حوالے سے ایک بار پھر حساس بحث کو جنم دے رہا ہے۔ حکومت کا موقف ہے کہ قانون سے بالاتر کوئی نہیں، جبکہ ٹی ایل پی کے حامی حلقے اسے سیاسی انتقام سے تعبیر کر رہے ہیں۔

اب یہ دیکھنا باقی ہے کہ سپریم کورٹ میں ریفرنس جمع ہونے کے بعد عدالتی فیصلہ کیا رخ اختیار کرتا ہے۔ کیا یہ ریاستی استحکام کی سمت میں ایک قدم ثابت ہوگا، یا سیاسی تقسیم کو مزید گہرا کرے گا۔

جدید اور سوشل میڈیا کی افادیت سے انکار ممکن نہیں مگر کبھی ایسا ہوتا ہے کہ میڈیا پر فیک نیوز اتنی غالب آ جاتی ہیں کہ حقائق تک پہنچنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہو جاتا ہے۔ بہت سے لوگ تو ایسی نیوز سے متاثر بھی ہوتے ہیں۔ حالات نیا رخ اختیار کر لیتے ہیں۔

مثال کے طور پر: ٹی ایل پی کے سربراہ سعد رضوی اور ان کے بھائی انس رضوی کے بارے میں مصدقہ اطلاعات سامنے نہیں آ رہیں۔ سوشل ہی کیا ریگولر میڈیا میں بھی ابہام موجود ہے کہ یہ دونوں بھائی کہاں ہیں؟ حراست میں ہیں یا مفرور؟ حراست میں ہیں تو کس کی حراست میں ہیں؟

آپریشن کے دوران اموات کے بارے میں بھی مبالغہ آمیزی کی جا رہی ہے: کسی نے ایک ہزار سے زائد اموات کی بات کی ہے۔ ایک ٹی وی چینل پر بتایا گیا کہ پانچ سو سے سات سو کے درمیان لوگ مارے گئے ہیں۔ اور تو اور ایک یہ خبر بھی چل نکلی کہ تحریک لبیک کے مرحوم بانی خادم حسین رضوی کے مزار کو ہی لاہور سے راجن پور یا اٹک منتقل کیا جا رہا ہے۔

شہر قائد

پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کامران نورانی کا اردو بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن اور تعلیمی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب کے دوران لیا گیا گروپ فوٹو

بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی نے ہاؤسنگ سیکٹر کو تباہ کر دیا ہے، پاسبان

لینڈ مافیا سرکاری زمینوں اور رفاہی پلاٹوں کو کھلے عام کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کر رہی ہے

کراچی (پ۔ر) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کے چیئرمین الطاف شکور نے اسٹیئرنگ کمیٹی کی میٹنگ میں گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہر قائد میں بلڈنگ کنٹرول کے قوانین کی کھلم کھلا خلاف ورزی نے ہاؤسنگ سیکٹر کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ اس صورتحال نے لینڈ مافیا کو نہ صرف سرکاری زمینوں پر قبضے کا حوصلہ دیا ہے بلکہ نجی جائیدادوں اور رفاہی پلاٹوں کو بھی غیر قانونی طور پر کمرشل مقاصد کے لیے استعمال کرنے کا موقع فراہم کیا ہے۔ جب لینڈ مافیا رفاہی پلاٹوں پر قبضہ کرتی ہے تو اس کا نقصان قانون کے پابند شہریوں کو ہوتا ہے۔ بدعنوان سرکاری افسران لینڈ مافیا کی مکمل سرپرستی کرتے ہیں اور قبضہ مافیا کو تحفظ فراہم کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کراچی جیسے میگا سٹی میں عوامی پارکس، اسپتال، اسکولز اور کھیل کے میدانوں کی شدید کمی ہے۔

دینی تعلیم اور عمل معاشرے میں مثبت تبدیلی کا بنیادی ذریعہ ہیں، مفتی ساجد لغاری

کراچی (پ۔ر) نور حرم ویلفیئر فاؤنڈیشن کے چیئرمین اور جامعہ باب القرآن گلشن اقبال کے مہتمم مفتی ساجد حسین لغاری نے کہا ہے کہ قوم کو دین کی تعلیمات کی طرف واپس لوٹنا ہوگا تاکہ معاشرتی اصلاح، اتحاد اور اخلاقی اقدار کے فروغ کے ساتھ ہر شہری کے دل و دماغ میں امید اور حوصلہ پیدا ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ دینی تعلیم اور عمل ہی معاشرے میں مثبت تبدیلی، عدل و انصاف اور خوشحالی کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر لوگ قرآن و سنت کے اصولوں کو اپنی روزمرہ زندگی میں نافذ کریں تو نہ صرف فردی زندگی میں سکون آئے گا بلکہ معاشرے میں بھی انصاف، اخلاقی اقدار اور بھائی چارے کو فروغ ملے گا۔

موسمی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی کے باعث سانس کی بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے، ڈاکٹر عظمی

پاکستان میں پھیپھڑوں کی بیماریوں کے علاج میں جدید تکنیکوں اور تحقیق کی اشد ضرورت ہے، ڈاکٹر شکیل

کراچی (پ۔ر) دی پلمونری فورم کی افتتاحی تقریب ہوٹل میریٹ کراچی میں منعقد ہوئی اس موقع پر HILTON فارما اور Myteka کے اشتراک اور Gefahil کی معاونت سے سانس کی بیماریوں کے علاج اور تحقیق پر مبنی ایک اہم سیمینار کا اہتمام بھی کیا گیا جس میں ممتاز ماہرین امراض سینہ نے شرکت کی تقریب کے مہمان خصوصی ڈائریکٹر اوجھا انسٹیٹیوٹ آف چیسٹ ڈیزیز، ڈاؤ یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز کراچی پروفیسر ڈاکٹر نیاز حسین سومرو تھے جبکہ اس موقع پر دی پلمونری فورم کی چیئرپرسن اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ آف پلمونولوجی ڈاکٹر عظمی فہیم، کو چیئرمین اور کنسلٹنٹ پلمونولوجسٹ ڈاکٹر شکیل احمد صدیقی، گورنمنٹ آف سندھ کے فوکل پرسن برائے ڈینگی ڈاکٹر تجمل بیگ مغل، کنسلٹنٹ ای این ٹی سرجن پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ تھہیم، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، ضیاء الدین ہسپتال ڈاکٹر سید علی عباس، کنسلٹنٹ پلمونولوجسٹ، ٹی بی فوکل پرسن، سندھ گورنمنٹ ہسپتال سعود آباد ڈاکٹر عدنان بیگ اور دیگر بھی موجود تھے فورم کے قیام کا مقصد سی ایم ای، واک، ریسرچ ورک، میڈیکل کیمپس، سیمینار اور نیشنل کانفرنسز منعقد کرنا ہے تاکہ عوام کو زیادہ سے زیادہ صحت کی سہولیات کے ساتھ آگاہی فراہم کی جا سکے اس موقع پر دی پلمونری فورم کی چیئرپرسن اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ آف پلمونولوجی ڈاکٹر عظمی فہیم نے کہا کہ موسمی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی کے باعث کھانسی اور دیگر سانس کی بیماریوں میں اضافہ ہو رہا ہے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کو چیئرمین اور کنسلٹنٹ پلمونولوجسٹ ڈاکٹر شکیل احمد صدیقی نے کہا کہ پاکستان میں پھیپھڑوں کی بیماریوں کے علاج میں جدید تکنیکوں اور تحقیق کی اشد ضرورت ہے۔ تاکہ مریضوں کو بہتر اور مؤثر علاج فراہم کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ پاکستان میں سانس سے متعلق امراض میں اضافہ تشویشناک ہے اور اس کے لیے ماہرین طب، حکومت اور عوام کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی۔

کتابی کاروبار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، کامران نورانی

تعلیم، مطالعہ اور اشاعت کے فروغ کیلئے ٹریڈرز کیساتھ مل کر کام کرینگے، چیئرمین پاکستان پبلشرز

کراچی (پ۔ر) پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین کامران نورانی نے کہا ہے کہ کتاب کی صنعت علم و آگاہی کے فروغ میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے، اور پبلشرز و ٹریڈرز اس نظام کے دو مضبوط ستون ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پبلشرز اور کتاب فروشوں کے درمیان تعاون ہی وہ بنیاد ہے جس پر ملک میں تعلیمی مواد کی فراہمی کا نظام قائم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اردو بازار ٹریڈرز ایسوسی ایشن اور تعلیمی رپورٹرز ایسوسی ایشن کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں منعقدہ تقریب کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین ندیم مظہر، جنرل سیکریٹری وقار متین، خزانچی اقبال غازیانی، اقبال صالح، زین اقبال، صلاح الدین اقبال، سلیم عبدالحسین، سمیر حسین، محمد اویس غازیانی، احسن جعفری و دیگر شریک تھے۔

معروف اداکار و ڈراموں کے مصنف سہیل منور کا تعزیتی اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میرے کچھ دوست دنیا میں ہیں کچھ دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں جن میں سے ایک سہیل بھائی ہیں جو کہ ہمارے بزم طلبہ کے دور کے ساتھی تھے جنھوں نے اپنی زندگی میں بہت جدوجہد کی اور ادب و ثقافت کا حصہ رہے اور ان کے انتقال کے بعد بھی ان کو یاد رکھنا یہ ہماری ذمہ داری ہے۔ ان خیالات کا اظہار ریجنل ڈائریکٹر آرٹس کونسل بشیر صدوزئی نے آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی ڈسٹرکٹ سینٹرل میں معروف اداکار و رائٹر سہیل منور کے "تعزیتی اجلاس" میں کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ سہیل کے زندگی میں ہم نے ایک بہت بڑا جشن ڈسٹرکٹ سینٹرل آرٹس کونسل کے آڈیٹوریم میں ان کی قابل ستائش اور کامیاب زندگی پر ان کے اعزاز میں اعتراف کمال تقریب کا انعقاد کیا تھا جو کہ بہت شاندار تقریب ثابت ہوئی تھی۔ آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی ڈسٹرکٹ سینٹرل کے کوارڈینیٹر شاہد محی الدین نے کہا کہ میرا سہیل بھائی سے بزم طلباء کے دور سے تعلق ہے۔

حضرت سید عالم شاہ بخاریؒ کے عرس مبارک پر پیپلز پارٹی ساؤتھ کا استقبالیہ کیمپ

کیمپ میں زائرین کیلئے نذر و نیاز کا سلسلہ بھی جاری رہا، تعلیمات ہمیں بھائی چارے، امن اور اتفاق کا درس دیتی ہیں، نور حسن اعوان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حضرت سید عالم شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس مبارک کے موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ساؤتھ، این اے 240، پی ایس 108 اور یوسی 6 کی جانب سے زائرین کے لیے استقبالیہ کیمپ کا اہتمام کیا گیا کیمپ کا انعقاد سینیٹر سلیم مانڈوی والا کے کوآرڈینیٹر اور پی ایس 108 کے سیکرٹری اطلاعات نور حسن اعوان، این اے 240 اور پی ایس 108 کے سینئر ایکٹو جیالے آصف سعید اور ان کی ٹیم نے کیا۔ اس موقع پر زائرین کے لیے نظر و نیاز کا سلسلہ بھی جاری رہا۔ کیمپ میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اکرم بلوچ، معروف سماجی کارکن غلام حسین گلو، فیصل میمن، پیپلز پارٹی کے رہنما احسان کلہوڑو، شفیع بلوچ، یوسی 6 کے سیکرٹری اطلاعات شاہزیب خان اور سماجی کارکن و سوشل ورکر افضال احمد نے شرکت کی۔ نظر و نیاز اور مٹھائی کے انتظامات فیصل میمن، غلام حسین گلو، شفیع بلوچ، احسان اور افضال احمد کی جانب سے کیے گئے۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی رہنما نور حسن اعوان اور افضال احمد نے کہا کہ بزرگان دین نے ہمیشہ انسانیت، محبت اور اخوت کا پیغام دیا۔ ان کی تعلیمات ہمیں بھائی چارے، امن اور اتفاق کا درس دیتی ہیں۔ حضرت سید عالم شاہ بخاری جیسے اولیائے کرام نے دین اسلام کا پیغام عام کیا اور اپنی زندگی انسانیت کی خدمت کے لیے وقف کی۔ ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنا اور ان کی تعلیمات کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنانا چاہیے۔ تقریب کے اختتام پر زائرین میں نیاز تقسیم کی گئی اور کیمپ کے شاندار انتظامات پر عوام کی جانب سے پیپلز پارٹی ڈسٹرکٹ ساؤتھ کی قیادت اور کارکنان کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔

حضرت سید عالم شاہ بخاریؒ کے سالانہ عرس مبارک پر پیپلز پارٹی ساؤتھ کی جانب سے استقبالیہ کیمپ میں سیکریٹری اطلاعات نور حسن، آصف سعید، اکرم بلوچ، غلام حسین، فیصل میمن، احسان کلہوڑو اور ممتاز سماجی رہنما و افضال احمد و دیگر شریک ہیں

سندھ بھر سے

سندھ بار کونسل کے امیدوار ماما حاشم لغاری کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) ٹیکس بار ایسوسی ایشن میرپورخاص کی جانب سے سندھ بار کونسل کے امیدوار ماما حاشم لغاری کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب میں میرپورخاص سانگھڑ کوٹ غلام محمد اور دیگر شہروں کے وکلاء رحمان نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور بھرپور حمایت کا اعلان کیا جن میں ٹیکس بار کے سرپرست اعلی احمد سعید قائم خانی۔ صدر جنید احمد مہر، خورشید علی خان قائم خانی۔ ولید احمد قائم خانی۔ احمد ناصر قائم خانی۔ محمد عمران قائم خانی۔ محمد راحیل قائم خانی۔ محمد نعمان ایس اے خان قائم خانی و دیگر وکلاء شامل تھے۔

گھوٹکی کے گاؤں دھاماجی میں ایک روزہ مفت جنرل میڈیکل کیمپ

1657 مریضوں کا معائنہ جنرل، شوگر، ملیریا، ہیپاٹائٹس بی، سی، ٹی بی اور آنکھوں کے مریضوں کے ٹیسٹ کیے گئے

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی کے گاؤں دھاماجی میں سندھ گریجویٹس ایسوسی ایشن (سگا) شاخ گھوٹکی سخی عبداللہ شاہانی کی جانب سے گھوٹکی ویلفیئر سوسائٹی کے تعاون سے ایک روزہ مفت جنرل میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا، جس میں 1657 مریضوں کا معائنہ کیا گیا کیمپ میں جنرل، شوگر، ملیریا، ہیپاٹائٹس بی، سی، ٹی بی اور آنکھوں کے مریضوں کے ٹیسٹ کیے گئے اور مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں کیمپ کا افتتاح ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مشتاق احمد کلوڑ نے کیا، جبکہ صدارت سگا گھوٹکی کے صدر ڈاکٹر محمد نواز کلوڑ نے کی۔ پروگرام کی نظامت جنرل سیکریٹری ایاز لطیف دایو نے انجام دی کیمپ میں ڈاکٹر علی حسن مہر، عبداللہ مہر، ظفر سنگھرو، اوم پرکاش، نسرین نواز کلوڑ، فوزیہ مہر اور سکینہ مہر سمیت دیگر ڈاکٹروں نے خدمات انجام دیں۔ اس موقع پر سگا گھوٹکی کے نائب صدر سید اقرار حسین شاہ نے کہا کہ سگا گھوٹکی متعدد مفت کیمپس کے ذریعے ہزاروں مریضوں کو علاج کی سہولیات فراہم کر چکی ہے۔ سگا شاخ سخی عبداللہ شاہانی کے جنرل سیکریٹری علی بہار شاہانی نے کہا کہ سگا پورے سندھ میں سماجی خدمت کا فریضہ انجام دے رہی ہے۔ مسرت علی مہر، رانجھن مہر نے کہا کہ سگا جیسی تنظیم کے ساتھ کام کر کے ہمیں فخر محسوس ہو رہا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مشتاق احمد کلوڑ نے کہا کہ عوامی خدمت دراصل سرکاری اداروں کی ذمہ داری ہے، لیکن ان کی غفلت کے باعث سماجی تنظیموں کو یہ فریضہ انجام دینا پڑ رہا ہے۔ تقریب میں آغا بلاول پٹھان، سید علی رضا شاہ، غلام مجتبی دایو، ریٹائرڈ میجر علی نواز، جمال مہر، مجیب الرحمن شیخ، امداد کریم شیخ، انصاف قادر مہر، خالد مہر، آصف مہر، غلام حیدر مہر، احسان داوپوٹو، منیر مہر اور سعید احمد مہر سمیت متعدد سماجی و سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ آخر میں میزبان مسرت علی مہر نے تمام معزز مہمانوں کو اجرک کے تحفے پیش کیے۔

گھوٹکی: سندھ گریجویٹس ایسوسی ایشن شاخ گھوٹکی اور ویلفیئر سوسائٹی کے تعاون سے ایک روزہ مفت جنرل میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا

11 سال بعد قتل کے مقدمے کا اشتہاری ملزم گرفتار

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) اولڈ میرپور پولیس کی بڑی کامیابی، 11 سال بعد قتل کے مقدمے کا اشتہاری ملزم گرفتار ملزم محمد بخش عرف مملو میرجت 2014 سے مفرور تھا، پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے دھر لیا تفصیلات کے مطابق میرپورخاص کی اولڈ میرپور پولیس نے ایک بڑی کارروائی کے دوران 11 سال سے مفرور اشتہاری ملزم محمد بخش عرف مملو میرجت کو گرفتار کر لیا پولیس کے مطابق ملزم سال 2014 میں مری برادری کے قتل کے ایک سنگین مقدمے میں مطلوب تھا اور عرصہ دراز سے روپوشی اختیار کیے ہوئے تھا۔ ایس ایچ او کامران بالپوٹو اور چھوٹے منشی عمران چھور کی قیادت میں پولیس ٹیم نے خفیہ اطلاع پر کامیاب چھاپہ مار کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو حراست میں لے کر حوالات میں بند کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق محمد بخش عرف مملو میرجت کے خلاف کرائم نمبر 43/2014 بجرم دفعہ 302/324 پی پی سی کے تحت مقدمہ درج ہے۔ پولیس نے مزید تفتیش شروع کر دی ہے اور امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ملزم کی نشاندہی پر مزید انکشافات سامنے آئیں گے۔

مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر بشیر احمد میمن کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

گھوٹکی (پاکستان بلیٹن) گھوٹکی پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے نائب صدر چوہدری حبیب اللہ آرائیں کی مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر بشیر احمد میمن کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے نائب صدر چوہدری حبیب اللہ آرائیں نے پارٹی عہدیداروں سکھر ڈویژن جنرل سیکریٹری علی اصغر ملہن، ضلع سکھر صدر خورشید میرانی، جنرل سیکریٹری محمد اعظم خان، انفارمیشن سیکریٹری عبدالفتح ابڑو، نائب صدر سکھر ڈویژن دین محمد لاشاری، عبدالعزیز شر، محمد اکبر ڈاہر، عبدالسمیع ڈاہر، لیڈیز ونگ ضلع گھوٹکی کی صدر میڈم حیر علوی، کرن علوی کے ہمراہ ماشااللہ ہاؤس بالاپہنچ کر پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کے صدر الحاج بشیر احمد میمن کو عمرے کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد پیش کی اور انہیں پھولوں کے ہار پہنائے اپنے پیارے ملک پاکستان اور افواج پاکستان کی سلامتی طرقی کے لئے دعا کی گئی۔

ٹاؤن کالونی میں نوجوان ارسلان راجپوت کو گولی لگنے کا واقعہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں فائرنگ کا ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق مہران پولیس اسٹیشن کی حدود ماڈل ٹاؤن کالونی میں نوجوان ارسلان راجپوت کو گولی لگنے کا واقعہ پیش آیا، جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ اطلاع ملتے ہی ایس ایس پی میرپورخاص ڈاکٹر سمیر نور چنہ نے فوری طور پر واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ایس ایچ او مہران اور انویسٹی گیشن افسر دانش اقبال کو موقع پر پہنچنے کے احکامات جاری کیے پولیس افسران نے جائے وقوعہ کا تفصیلی معائنہ کیا اور آس پاس کے مکینوں سے معلومات حاصل کیں۔



حیدرآباد: مسافر ریل گاڑی کے سامنے سے انتہائی خطرناک طریقے سے ریلوے ٹریک عبور کر رہے ہیں

تحریک لبیک پاکستان ضلع میرپورخاص کی جانب سے جاری پریس اعلامیہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) تحریک لبیک پاکستان ضلع میرپورخاص کی جانب سے جاری پریس اعلامیہ کے مطابق میرپورخاص میں پیش آنے والے واقعے، جس میں ایک خاتون کی جانب سے ایس ایچ او میر خادم تالپور اور اے ایس آئی پر جنسی حراسانی کے الزامات عائد کیے گئے ہیں، پر تحریک لبیک پاکستان ضلع میرپورخاص گہری تشویش اور شدید مذمت کا اظہار کرتی ہے۔

نوشہرو فیروز: شہری آبادی میں کاٹن فیکٹریاں شہریوں کے لیے وبال جان

نوشہرو فیروز (پاکستان بلیٹن) شہری آبادی میں قائم کپاس (کاٹن فیکٹریاں) شہریوں کے لیے وبال جان بن گئیں ان فیکٹریوں سے اٹھنے والی آلودگی نے آس پاس کے سینکڑوں خاندانوں اور ہزاروں شہریوں کو دمہ، ٹی بی، کھانسی، پھیپھڑوں کی بیماریوں سمیت کئی خطرناک امراض میں مبتلا کر کے موت کی دہلیز تک پہنچا دیا، نوشہرو فیروز کے ضلعی حکام، کمشنر شہید بینظیر آباد، محکمہ ماحولیات کے کرپٹ اور نااہل افسران کی خاموشی کے باعث ہزاروں شہریوں کی صحت اور زندگیاں داؤ پر لگی ہوئی ہے، انسانی حقوق کمیشن آف پاکستان کے ضلعی کوآرڈینیٹر علی ساحل، سماجی تنظیم دی نیٹ ورک کے اشرف غوری کے کے مطابق آلودگی نے اہلیان محراب پور کا جینا محال کیا ہوا ہے معصوم بچے بھی کپاس (کاٹن فیکٹریوں) سے اٹھنے والی آلودگی سے کھانسی، دمہ، ٹی بی سمیت خطرناک امراض میں مبتلا ہو گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 01

استعمال کرسکتی ہے مگر شہریوں کو ایک جیسی تعلیم اور روزگار دینے اور انکے مسائل حل کرنے کیلئے کیوں کچھ نہیں کرسکتی۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کسی فیلڈ مارشل، نواز شریف، زرداری، عمران خان یا حافظ نعیم کا نام نہیں بلکہ پچیس کروڑ عوام کا نام ہے۔ چند لوگوں نے ملک پر اپنی اجارہ داری قائم کر رکھی ہے، جاگیردار، جرنیل، وڈیرے، سرمایہ دار اور بیوروکریٹ ملک کو نہیں چلا سکے، یہ لوگ اپنی 78 سالہ ناکامی کو تسلیم کریں۔ مسئلہ کسی ایک شخص کا نہیں بلکہ ایک مائنڈ سیٹ کا ہے، یہ وہی مائنڈ سیٹ ہے جس میں بیوروکریسی کا افسر خود کو حاکم اور پوری قوم کو خادم سمجھتا ہے

بقیہ نمبر 02

افراتفری پھیلا رہے ہیں، بلاول بھٹو اور آصف زرداری سے مطالبہ ہے کہ کرپٹ میئر کو نکال باہر کیا جائے۔ وسیم حسین نے کہا کہ میئر کاشف شورو سے استعفے کا مطالبہ کرتے ہیں، میئر اور ان کی پوری ٹیم کرپشن میں ملوث ہے۔ اس موقع پر موجود رکن سندھ اسمبلی راشد خان نے کہا کہ ہر یوسی چیئرمین کو پہلی تاریخ کو 12 لاکھ روپے ملتے ہیں، کس جماعت کا یوسی چیئرمین اسپرے نہیں کروا رہا۔

بقیہ نمبر 03

کرتے ہوئے خاتون کی بالیاں نوچنے سمیت درجنوں وارداتوں میں ملوث 3 ملزمان گرفتار کرکے غیرقانونی پستول، چھینے گئے موبائل فونز گھڑی اور کیش برآمد کرلیے۔ پولیس حکام کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبدالصمد، رضوان علی اور آفتاب علی شر شامل ہیں، ملزمان نے 7 جولائی کو زینب نامی خاتون کی بالیاں زبردستی اتاری تھی۔ حکام نے بتایا کہ ڈکیت گروہ سپر ہائی وے پل سہراب گوٹھ مدینہ ٹاؤن اور اطراف میں وارداتیں کرتا تھا، 30 جولائی کو رند گوٹھ میں پولیس مقابلے میں ملزمان نے اندھا دھند فائرنگ کی، ملزمان کی فائرنگ سے شہری زخمی ہوا جبکہ ایک ملزم بھی پکڑا گیا تھا۔ پولیس حکام نے کہا کہ دوران تفتیش ملزمان نے متعدد وارداتوں کا اعتراف کیا، گرفتار ملزمان عادی مجرم ہیں جو کئی مرتبہ گرفتار ہوکر جیل جاچکے ہیں گرفتار ملزمان سے مذید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ نمبر 04

کہا کہ گمبٹ انسٹیٹیوٹ سندھ کی عوامی خدمت کا روشن چہرہ ہے، جہاں انسانیت کی خدمت کو اولین ترجیح دی جاتی ہے۔ دیہی سندھ میں مفت اور معیاری علاج کا خواب اب حقیقت بن چکا ہے، جو پیپلز پارٹی کی قیادت کے وژن اور عوامی فلاح کے عزم کا ثبوت ہے۔ میئر سکھر نے کہا کہ گمبٹ اسپتال نے صوبے میں ہیلتھ ریفارمز کو نئی سمت دی ہے۔ وزیراعلی سندھ کی قیادت میں صوبے میں صحت کا نظام تیزی سے بہتر ہو رہا ہے اور عوام کو عالمی معیار کی سہولتیں فراہم کرنا سندھ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گمبٹ انسٹیٹیوٹ نے یہ ثابت کیا ہے کہ سندھ جدید طب کے میدان میں کسی سے پیچھے نہیں۔ یہاں کیے گئے کامیاب بون میرو ٹرانسپلانٹس نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کے لیے ایک مثال ہیں۔ بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے کہا کہ ہر ضلع میں گمبٹ جیسے ادارے قائم کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ہر شہری کو بلاامتیاز علاج معالجے کی سہولت دستیاب ہو۔ یہ کامیابی عوام کے اعتماد، حکومت کی نیک نیتی اور ڈاکٹرز کی انتھک محنت کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت عوامی خدمت کی نئی تاریخ رقم کر رہی ہے اور گمبٹ آج پورے ملک کے لیے ایک رول ماڈل کے طور پر سامنے آچکا ہے۔

بقیہ نمبر 05

کرتے ہوئے سینئر وزیر نے کہا کہ صوبے بھر میں 41 ایئر کوالٹی مانیٹرز نصب کیے جاچکے ہیں جبکہ مزید مانیٹرنگ یونٹس اور اے آئی بیسڈ فورکاسٹنگ سسٹم کو فعال بنایا جارہا ہے تاکہ فضائی آلودگی کی بروقت پیشگوئی اور کنٹرول ممکن ہو۔ ان کے مطابق اس وقت ستر سے زائد مانیٹرنگ اسٹیشنز فعال ہیں اور لاہور، راولپنڈی، ملتان سمیت بڑے شہروں میں فیول ٹیسٹنگ اور گاڑیوں کے ایمیشن چیکنگ پروگرام کا آغاز ہوچکا ہے۔ ہم نے تین لاکھ سے زائد گاڑیوں کو ایمیشن سسٹم کے تحت فٹ کیا ہے تاکہ گاڑیوں سے خارج ہونے والے زہریلے دھوئیں کو کم کیا جاسکے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ پچھلے سال اکتوبر میں سموگ کی شدت کے باعث اسکول، ہوٹل اور تعمیراتی سرگرمیاں بند کرنا پڑی تھیں، مگر رواں سال اکتوبر کے اختتام تک ہم نے کچھ بند نہیں کیا، بلکہ بہتر منصوبہ بندی اور ٹیکنالوجی کے ذریعے حالات کو سنبھالے رکھا۔ انہوں نے کہا کہ سموگ تین ماہ کا موسمی مظہر ہے جس پر مکمل قابو ممکن نہیں، مگر اس کے اثرات میں واضح کمی لائی جاسکتی ہے۔ سینئر وزیر نے بتایا کہ پنجاب حکومت نے یو ای ٹی لاہور کے اشتراک سے مقامی سطح پر سموگ گنز کی تیاری شروع کردی ہے، جو پہلے کینیڈا، بھارت اور دیگر ممالک سے درآمد کی جارہی تھیں۔ ہم نے سموگ گنز منگوا کر ہاتھ پر ہاتھ نہیں رکھے بلکہ مقامی انجینئرز کو اس ٹیکنالوجی میں خودکفیل بنانے کے لیے منصوبے شروع کیے ہیں۔ انہوں نے وضاحت کی کہ سموگ کا تعلق درجہ حرارت کے الٹا اور ہواؤں کے رخ سے ہے۔ جب ہوا مشرق کی سمت سے یعنی بھارت کی طرف سے آتی ہے تو لاہور میں آلودگی بڑھ جاتی ہے۔ دیوالی کی رات بھی اسی باعث ائیر کوالٹی انڈیکس میں غیرمعمولی اضافہ ہوا۔

بقیہ نمبر 06

بحالی اور صورتحال کو معمول پر لانے میں مصروف رہے۔ نوجوان کے ورثا نے اپنی مدعیت میں مقدمے کے اندراج کے لیے لاش کے ہمراہ دھرنا دے رکھا تھا۔ واضح رہے کہ سی آئی اے کے اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ (ایس آئی یو) کی حراست میں نوجوان کی مبینہ طور پر پولیس تشدد سے ہلاکت کے معاملے میں ملوث 2 اہلکاروں کو گرفتار کیا گیا۔ گرفتار اہلکاروں میں اے ایس آئی عابد شاہ اور آصف علی شامل ہیں، جن پر زیرحراست نوجوان عرفان پر مبینہ تشدد کا الزام ہے۔ جاں بحق نوجوان عرفان کے چچا ضیا محمد نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عرفان پر بدترین تشدد کیا گیا، دم نکلنے کے بعد بھی اس کی لاش پر ڈنڈے برسائے گئے۔ ضیا محمد واقعے کا ذکر کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے اور بتایا کہ عرفان کے ساتھی نے اپنی آنکھوں کے سامنے اس کے بے دردی سے قتل کی تصدیق کی۔ واضح رہے کہ 22 اکتوبر کو ایس آئی یو کی حراست میں عرفان نامی نوجوان کی ہلاکت ہوئی تھی۔ اس واقعے کے بعد ورثا نے لاش سڑک پر رکھ کر احتجاج کیا تھا، جو پولیس سے مذاکرات کے بعد ختم کردیا گیا تھا، تاہم اب مقدمے پر اعتراض کے بعد ورثا نے دوبارہ دھرنا دیا۔

بقیہ نمبر 07

نواز شریف نے مریم نواز کے کردار کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ مریم نواز پنجاب میں امن و امان کے حوالے سے بہترین اقدامات اٹھا رہی ہیں، ان کی قیادت میں پنجاب ترقی کے منازل طے کر رہا ہے۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کو مضبوط کرنا ہے حکومت کی اولین ترجیح ہے، ملک میں امن و سلامتی کے لئے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کا خاتمہ ناگزیر ہوچکا ہے۔ بعدازاں وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما میاں مرغوب احمد کی رہائش گاہ پر جاکر ان کی اہلیہ کی وفات پر اظہار افسوس اور فاتحہ خوانی کی، مرحومہ کے لیے بلندی درجات کی دعا کی اور سوگوار خاندان سے اظہار تعزیت اور ان کے لئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 08

سیاسی تماشوں پر قربان نہیں کرسکتا۔ عظمیٰ بخاری نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ہماری اولین ذمہ داری پنجاب کے عوام ہیں، وزیرِ اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر شہری کے لیے آٹے کی دستیابی اور مناسب قیمت کو یقینی بنایا ہے، یہی عوام دوست طرزِ حکمرانی ہے جو دوسروں کو ہضم نہیں ہو رہا۔ انہوں نے کہا کہ اگر خیبرپختونخوا کی ضرورت پنجاب سے حاصل شدہ آٹے سے بڑھ گئی ہے تو انہیں چاہئے کہ وہ اپنی ذخیرہ شدہ گندم جاری کریں یا پاسکو سے خریداری کریں، پنجاب اپنے عوام کا حق کسی دوسرے صوبے کے سیاسی تماشوں پر قربان نہیں کرسکتا، کے پی میں دو سو سے زائد فلور ملز بند پڑی ہیں۔ انہوں نے وزیرِ اعلی کے پی کو مشورہ ہے کہ وہ اڈیالہ کے باہر احتجاج کے بجائے اپنے صوبے کی فلور ملز کو چلانے پر توجہ دیں تاکہ صوبے کے عوام کو بھی آٹا میسر آئے۔ صوبائی وزیر اطلاعات کا کہنا ہے کہ پنجاب حکومت اپنے ٹیکس دہندگان کے پیسوں سے شہریوں کیلیے گندم خریدتی اور سٹور کرتی ہے تاکہ آٹے کی قیمت نہ بڑھے، پنجاب کے پاس 8 لاکھ 85 ہزار میٹرک ٹن گندم کے محفوظ ذخائر ہیں جن کی مالیت تقریباً 100 ارب روپے ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ وزیرِ اعلی مریم نواز کی دوراندیش اور منظم پالیسیوں کا ثبوت ہے، کے پی حکومت اگر واقعی اپنے عوام کے لیے فکر مند ہے تو گندم پاسکو یا بیرون ملک سے خریدے کیونکہ سیاسی نعروں اور مولا جٹ والی بڑھکوں سے عوام کے چولہے نہیں جلتے۔ انہوں نے وضاحت کی ہے کہ بین الصوبائی سطح پر گندم یا آٹے کی ترسیل پر کوئی پابندی نہیں، البتہ آئین کے آرٹیکل 18 اور قانون کے تحت ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کو روکنے کے لیے اجازت ناموں اور ڈیجیٹل ریکارڈنگ سسٹم کو لازمی قرار دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب حکومت عوام کو سستی روٹی فراہم کرنے کے لیے فلور ملز کو 3,000 روپے فی من کے حساب سے گندم دے رہی ہے تاکہ مارکیٹ میں آٹے کی مسلسل دستیابی اور قیمتوں کا استحکام برقرار رہے۔

بقیہ نمبر 09

لیے کراچی ماسٹر پلان کا نفاذ ناگزیر ہے، یہ ماسٹر پلان کروڑوں روپے کی لاگت سے تیار کیا گیا تھا۔ خواجہ اظہار نے مزید کہا کہ اگر کراچی ماسٹر پلان نافذ ہوجاتا تو پیپلز پارٹی کے وزرا کنگلے ہوجاتے، کیونکہ پھر کرپشن اور بے ضابطگیوں کے راستے بند ہوجاتے۔

بقیہ نمبر 10

مقدمہ درج، واقعے میں ملوث تمام 7 اہلکاروں بشمول 3 اے ایس آئیز کو فوری طور پر قتل کے مقدمے دفعہ 302 کے تحت گرفتار کیا جائے۔ ایک آزاد عدالتی کمیشن تشکیل دیا جائے جو اس قتل کی شفاف تحقیقات کرے۔ سندھ حکومت عرفان بلوچ کے لواحقین کو فوری انصاف اور معاوضہ فراہم کرے۔ اگر وہ کسی غیرقانون سرگرمی میں ملوث تھا تو قانون و آئین کے مطابق مقدمہ چلایا جاتا۔ جماعت اسلامی سندھ کے جنرل سیکرٹری محمد یوسف نے نے آج ایک بیان میں کہا کہ بدقسمتی سے سندھ پولیس کا نام انصاف کے بجائے ظلم اور جبر کی علامت بن چکا ہے کراچی میں تفریح کی غرض سے آنے والا اوچ شریف بہاولپور کا 16 سالہ نوجوان محمد عرفان بلوچ کی سندھ پولیس کے تشدد سے ہلاکت ظلم کی بدترین مثال ہے۔ یہ دل دہلا دینے والا واقعہ انسانی حقوق، انصاف اور قانون کی دھجیاں اڑانے کے مترادف ہے۔ جماعت اسلامی مظلوموں کے ساتھ ہے، اور ہر ظلم کے خلاف آواز اٹھاتی رہے گی۔ انہوں نے متاثرہ خاندان کے ساتھ اظہار ہمدردی مرحوم کی مغفرت و درجات بلندی اور تمام پسماندگان و لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ نمبر 11

کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ آگ لگنے کی اطلاع پر کے ایم سی فائر بریگیڈ کا ایک فائر ٹینڈر موقع پر پہنچا اور عملے نے آگ پر قابو پانے کی کوشش شروع کردی تاہم آگ کی شدت کو دیکھتے ہوئے مزید فائر ٹینڈرز اور باوزر کو طلب کرلیا گیا۔ فائر بریگیڈ کے عملے نے موقع پر موجود شہریوں کی مدد سے گودام کی دیواریں توڑ کر کئی گھنٹوں کی مسلسل کوششوں کے بعد گودام میں لگی آگ پر قابو پالیا، اس دوران گودام میں موجود 5 گاڑیاں، ایک رکشہ، گتہ، کپڑا اور مشینوں سمیت بھاری مالیت کا سامان خاکستر ہوگیا۔ گودام کے مالک حاجی حیات خان کے مطابق گودام میں آگ صبح سات بجے کے قریب لگی لیکن دو گھنٹے بعد فائر بریگیڈ کی ایک گاڑی موقع پر پہنچی جسے علاقے کے نوجوان موٹر سائیکل پر جاکر لے کر آئے جب تک گاڑیاں آئیں سب کچھ ختم ہوچکا تھا، گودام میں آتشزدگی کے نتیجے میں کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق گودام میں لگنے والی آگ پر قابو پانے کیلئے 7 فائر ٹینڈرز اور 2 باوزرز نے حصہ لیا، فوری طور پر آگ لگنے کی وجہ اور نقصان کا تخمینہ نہیں لگایا جاسکا، آتشزدگی کے دوران کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

بقیہ نمبر 12

کہ مسافر ٹرین میں بھی سہولتیں بہتر ہوگئی ہیں، مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے، ریلوے کے حوالے سے کوئی بھی مسئلہ ہو میں کبھی بھی اس کو نظرانداز نہیں کرتا ہوں۔ وفاقی وزیر ریلوے نے کہا کہ لاہور اور راولپنڈی میں چلنے والی ریل میں صفائی کا نظام بھی بہترین کردیا گیا ہے، 2 ارب ڈالرز کی انویسمنٹ سے ٹریک اپ گریڈیشن کے حوالے سے نیا منصوبہ آرہا ہے، وزیر اعظم پاکستان کا جو خواب ہے اس پر کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا ایران اور ترکیہ کے ساتھ بذریعہ ریلوے ٹریڈ کا ایک تعلق ہے، اسلام آباد، تہران اور استنبول ٹرین کو بحال کرنے کے لیے کوشاں ہیں، ریلوے اسٹیشنز پر کیفے میریا اور انٹرنیٹ کی سہولت دے رہے ہیں۔ حنیف عباسی نے کہا کہ ہم بہت جلد وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ساتھ ستھرا پنجاب پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں، ڈرائیور کے روم کا بہت برا حال ہے ان کے روم کی اب مرمت کی جائے گی۔ وفاقی وزیر نے یہ بھی کہا کہ ریلوے میں چوری اور کرپشن کو روکنے کے لیے اچھے افسران کو تعینات کیا جارہا ہے، ریلوے کے نظام کو ڈیجیٹل کیا جارہا ہے، جو بھی پروجیکٹ ریلوے کے لیے لے کر آئیں گا امید ہے وزیراعظم اس کو پورا کریں گے۔

بقیہ نمبر 13

لایا جارہا ہے، اس سے ان علاقوں اور صوبے میں حالات بہتر ہوں گے۔ وسیم اختر نے کہا ان ڈاکوؤں کو speedy judicial trial دینے کی بھی بات ہورہی ہے، جس سے یہ عدالت کے ذریعے بری ہوجائیں گے، جب اتنے سنگین الزامات کے مجرمان کو قومی دھارے میں لانے کی پالیسی حکومت نے بنائی ہے، تو سندھ کے جیلوں میں انڈر ٹرائل ایم کیو ایم کے کارکنان اور سیاسی قیدیوں کا کیا قصور ہے؟ انہوں نے کہا اندرون سندھ اور کراچی کے جیلوں میں انڈر ٹرائل سیاسی قیدی، ایم کیو ایم کے کارکنان کے لیے بھی پالیسی اور ایمنسٹی دی جائے، کراچی اور اندرون سندھ کی جیلوں میں قید کارکنان سیاسی دشمنی کا شکار ہیں، ان ملزمان کو یہ تک نہیں پتا کہ کس جرم میں ان کو رکھا گیا ہے اور کیا سزا ملے گی۔ ایم کیو ایم رہنما کے مطابق سیاسی بنیاد پر بنائے گئے مقدمات میں جیلوں میں بند قیدی انڈر ٹرائل کے نام پر دس دس سالوں سے قید ہیں، دنیا کا قانون ہے کہ انڈر ٹرائل قیدی نہیں ہوا کرتے، بد قسمتی سے ہمارے ہاں جیلوں میں گنجائش سے زیادہ قیدیوں کو رکھنے کے پیچھے کرپشن ہے، تاکہ بجٹ کے نام پر پیسے لیے جاسکیں، سالوں سے ان قیدیوں کے کیسز نہیں لگتے، ان کو بھی اس پالیسی کے ذریعے ریلیف یا پیرول پر باہر لایا جائے۔ انھوں نے کہا حال ہی میں ایم کیو ایم کا ایک کارکن عبید باعزت بری ہوا، 14 سال اس نے ناکردہ گناہ کی سزا کاٹی، صدر زرداری اور وزیر اعلیٰ سندھ سے کہتا ہوں اس پالیسی کو کراچی، حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، میرپورخاص کے سیاسی قیدیوں پر بھی لاگو کریں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ بھر میں تمام اے ٹی سی کورٹس میں سے 8 میں 3 ماہ سے ججز ہی نہیں ہیں، اب جو جھوٹے مقدمات میں جیلوں میں موجود ہیں وہ انصاف کے لیے کس در پر جائیں؟

بقیہ نمبر 14

سی ای او سافٹ ٹیکنالوجی، سید عظمت اللہ، صدر پروفیشنل یوتھ فاؤنڈیشن آف پاکستان انجینئر محمد عمر خان، معروف انٹرپرینیور اور بزنس گورو مسٹر شجاعت بیگ اور چیئرمین، ڈیپارٹمنٹ آف کمپیوٹر سائنس، ڈاکٹر خالق شامل تھے۔ مقررین نے مصنوعی ذہانت کے اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم میں کردار عملی اطلاقات اور پاکستانی نوجوانوں کے لیے ابھرتے ہوئے مواقع پر جامع گفتگو کی۔ چانسلر فرحت خان نے معزز مہمانوں کو تعریفی شیلڈز پیش کیں۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر مسرور احمد شیخ، ڈائریکٹر کیو ای سی فصیح اللہ، لیب انسٹرکٹر عمیر اللہ اور دیگر بھی موجود تھے

بقیہ نمبر 15

کو چھوڑ رہا ہے، کبھی دو ہفتوں سے بغیر کابینہ کے صرف بیوروکریسی کے رحم و کرم پر ہے وزیراعلی کیپی کا سیاسی مخالفین کیخلاف بیان افسوسناک ہے۔ سراج الحق نے کہا کہ مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی، روٹی 30 روپے سے تجاوز کر چکی ہے مگر حکومتیں پوائنٹ اسکورنگ میں لگی ہوئی ہیں وفاقی و صوبائی حکومتیں سیاسی پوائنٹ اسکورنگ چھوڑ کر عوامی ریلیف پر توجہ دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات روکنا غیرجمہوری اور غیراخلاقی طرز عمل ہے۔ جماعت اسلامی کو الوداع کہنے والے اور اسرائیل کی قید سے آزاد ہونے والے مشتاق احمد نے نئے سیاسی قافلے میں شامل ہوگئے۔

بقیہ نمبر 16

نے اپنی فوجیں مقبوضہ کشمیر میں اتار کر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو پامال کیا۔ یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ 77 برسوں سے بھارتی ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں اور اپنی آزادی کی خاطر بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، اور جب تک کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت نہیں ملتا، پاکستان کے عوام اور مسلم لیگ) فنکشنل (ان کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کا ایک ہی نعرہ ہے کشمیر بنے گا پاکستان۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ اور حر جماعت کے روحانی پیشوا، پیر صاحب پگارا نے ہمیشہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی کی حمایت کی ہے اور ہر فورم پر ان کے حق میں آواز بلند کی ہے۔ پیر صاحب پگارا کی قیادت میں فنکشنل لیگ کشمیری بھائیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتی ہے اور آزادی کے مقصد کے لیے جاری ہر جدوجہد میں ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ سردار عبدالرحیم نے عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی کہ وہ بھارت کے غیر قانونی قبضے اور کشمیریوں پر ڈھائے جانے والے ظلم و ستم کا سنجیدگی سے نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو ان کا جائز اور قانونی حق دلوانے میں کردار ادا کریں۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ یوم سیاہ کشمیر صرف ماضی کا واقعہ یاد کرنے کا دن نہیں، بلکہ عزم نو کا دن ہے عزم اس بات کا کہ ہم اپنے کشمیری بھائیوں کی جدوجہد آزادی میں ہر سطح پر ان کے ساتھ ہیں، اور وہ دن دور نہیں جب کشمیری عوام آزادی کی روشنی میں سرخ روح ہونگے، اور کشمیر بنے گا پاکستان۔

بقیہ نمبر 17

ے زیادہ متاثرہ ہے جہاں 188 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، حیدرآباد ڈویژن میں 154 کیسز، میرپورخاص ڈویژن میں 83، سکھر ڈویژن میں 10، شہید بینظیرآباد ڈویژن میں 3 جبکہ لاڑکانہ ڈویژن میں 1 کیس رپورٹ ہوا ہے۔ وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو کا کہنا ہے کہ محکمہ صحت کے پاس ڈینگی کے تمام مصدقہ کیسز کا ریکارڈ موجود ہے۔ اگر کوئی شہری کسی نجی لیبارٹری سے ٹیسٹ کرواتا ہے تو اس کی رپورٹ محکمہ صحت کے ریکارڈ میں شامل نہیں ہوتی۔ محکمہ صحت کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار ہی مصدقہ اور مستند ہیں۔ لہٰذا عوام سے اپیل ہے کہ کسی بھی غیر مصدقہ خبر یا سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی اطلاعات پر یقین نہ کریں۔ تمام مریض جو اسپتالوں میں داخل ہوتے ہیں یا او پی ڈی کے ذریعے آتے ہیں ان کا مکمل ڈیٹا محکمہ صحت کے پاس موجود ہے۔ وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو نے مزید کہا کہ سندھ حکومت نے صوبے بھر میں انسداد ڈینگی مہم پر سنجیدگی سے کام کر رہی ہے۔ تمام اضلاع میں اسپرے، فاگنگ اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے احکامات جاری کیے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنرز اور ضلعی صحت سے وابستہ افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ کسی بھی علاقے میں پانی جمع نہ ہونے دیا جائے کیونکہ یہی مچھر کی افزائش کا بنیادی سبب بنتا ہے۔ حکومت شہری و دیہی دونوں علاقوں میں یکساں توجہ دے رہی ہے۔ تمام سرکاری اسپتالوں میں ڈینگی کے مریضوں کے لیے علیحدہ یونٹس قائم کیے گئے ہیں جہاں مفت علاج اور ٹیسٹنگ کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔

بقیہ نمبر 18

سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد وسیم کو 2024 میں ویمن ٹیم کا ہیڈ کوچ بنایا گیا تھا، ویمن کرکٹ ٹیم ورلڈ کپ میں ایک بھی میچ نہ جیت سکی، ہیڈ کوچ ہونے کے باوجود کھلاڑیوں کو کوچنگ نہ کروانے کی شکایت سامنے آئی، محمد وسیم ہیڈ کوچ ہونے کیساتھ ٹیم سلیکشن میں بھی شامل رہے، ذرائع کیمطابق انکی جگہ نئے ہیڈ کوچ کی تقرری آئندہ ہفتے کیے کا امکان ہے۔ وسیم خود بیٹسمین تھے لیکن ویمن ٹیم کی بیٹنگ کمزور ترین ہوگئی، محمد وسیم کا رویہ اکھڑ مزاج رہا بولنگ اور بیٹنگ کوچ سمیت کھلاڑیوں سے بھی نہ بن سکی سے بھی نہیں بنتی، سپورٹ سٹاف کی تقرریاں مرضی سے کیں لیکن پھر بھی نتائج صفر رہے۔

بقیہ نمبر 19

کا آغاز دعائے خیر سے ہوا تھا، جوان کی والدہ کی خواہش پر گھر میں منعقد کی گئی تھی۔ اس تقریب میں معروف شاعرہ زہرہ نگاہ نے دعا کروائی تھی۔ اداکارہ کے مطابق، "دعائے خیر کی تقریب میرے لیے بہت خاص تھی۔ میرا لباس ڈیزائنر عمر سعید نے حیدرآبادی انداز میں تیار کیا تھا۔ میں نے اس کے ساتھ ہلکا میک اپ، پھولوں کے گہنے اور چوٹی باندھی تھی۔" ماہرہ خان نے مزید کہا، "یہ جوڑا میرے دل کے بہت قریب ہے، اور میں چاہتی ہوں کہ جب میرا بیٹا شادی کرے تو یہ جوڑا میں اپنی بہو کو دوں، تاکہ وہ جانے کہ اس لباس میں کتنی محبت اور جذبات شامل ہیں۔"

بقیہ نمبر 20

ے لئے کوشاں ہیں۔ انہوں نے سرجانی ٹاؤن، اورنگی، بلدیہ ٹاؤن اور کیماڑی ٹاؤن کے عہدیداروں اور یونین کمیٹیوں کے اراکین سے ٹیلی فونک خطاب میں کہا کہ ہم پاکستان میں ریاست پہلے اور سیاست بعد میں کا کلچر لے کر آئے۔ اسوقت ملک ترقی کی سمت گامزن ہے جسکی وجہ ہماری افواج کا بہترین کردار اور ایک پیج پر ہوکر ریاست کو منوانے کا بہترین کام کیا۔ انکے خطاب کے موقع پر مرکزی کمیٹی کے انچارج و چیف آرگنائزر نہال احمد صدیقی، فاروق ملک، سیف یار خان، عامر علی بانواز، ارشد احمد خان، آصف قدوس، سلیم سہروردی، محمد پناہ چانبیار، رضوان احمد فکری، نعیم اصطفےٰ نمک والا، مقصود قریشی، سہیل و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ ملک کے حالات بھارتی جارحیت پراکسی وار، فتنہ الہندوستان، افغان جنگ کے بعد اور بالخصوص سیلاب کی بدترین صورتحال کے بعد فصلوں کی تباہی نے کسانوں اور مال مویشی کے نقصان سے بحران میں اضافہ کیا ہے۔ مہنگائی کا نہ رکنے والا سیلاب عوام پر مسلط ہوگیا ہے۔ لیکن جو قومیں ہمت رکھتی ہیں وہ بحران سے نکل جاتی ہیں۔ کراچی کی ابتر صورتحال پر انہوں نے کہا کہ بیڈ گورننس، باہمی ربط کے فقدان اور لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں کی عدم توجہی نے شہر کی شکل بگاڑ دی ہے۔ فنڈز کراچی پر لگانے کے بجائے عوام کو دن بدن معمولات زندگی میں مشکل میں ڈالا جارہا ہے۔ میری پہچان پاکستان کے ورکرز نے بارشوں کے بعد گڑھے بھرے۔ لیکن کراچی اور حیدرآباد میں سڑکیں ختم ہوگئی ہیں۔ میئر حکومت کا ہی ہے فنڈز جاری کئے جائیں۔ کراچی کی ترقی کے لئے فیلڈ مارشل نے کئی دورے کئے کیونکہ یہ معاشی حب ہے اگر اسے ترقی نہ دی گئی تو یہ ملک کی ترقی کے ساتھ کھلواڑ ہوگا۔ ناصر حسین شاہ بہتر وزیر ہیں شہر میں نکل رہے ہیں فوری سڑکوں کو بنوائیں نااہل افسران اور نمائندوں کے خلاف ایکشن لیں۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ وہ کراچی کے تمام ٹاؤنز اور پورے پاکستان میں رابطہ مہم شروع کر رہے ہیں۔ یہ وقت یکجہتی اور ترقی کا ہے وفاق، صوبہ اور لوکل گورنمنٹ ملکر ملک میں بہتر ورکنگ سے کام آگے بڑھائیں۔ منتخب نمائندوں کو بھی ایک دوسرے پر تنقید کے بجائے ملکر کام کرنا چاہئے۔ نہال احمد صدیقی نے خطاب میں کہا کہ ہم ملک میں وطن پرست جماعت ہیں جو ایک تحریک ہے۔ یہاں مفاد پرست نہیں وطن پرست لوگ ہیں۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان ملک کے لئے ناگزیر ہوچکے ہیں اور وقت آنے پر ملک گیر پاور شوز میں ثابت کریں گے۔ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا کہ مرکزی کمیٹی روزانہ یونین کونسلوں میں اجلاس کریں اسی طرح ملک گیر پارٹی ورکنگ کو تیز تر کریں۔

بقیہ نمبر 21

پس منعقد کیں۔ یہ ورکشاپس "آئی ایس او 56000 انوویشن مینجمنٹ سسٹم کے ذریعے اداروں میں جدت طرازی کی صلاحیت میں اضافے" سے متعلق تھیں۔ این پی او ملک بھر کے سرکاری اور نجی شعبوں کے اداروں میں مہارت اور جدت طرازی پر مبنی صلاحیت میں اضافے کے فروغ کیلئے کام کر رہی ہے۔ یہ ورکشاپس پاکستان انجینئرنگ کونسل اور پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کوالٹی کنٹرول کے اشتراک سے منعقد کی گئیں۔ سیشنز میں جرمنی سے تعلق رکھنے والے دو معروف بین الاقوامی ماہرین نے گفتگو کی۔ ماہرین نے مینجمنٹ سسٹم کو اداروں کا حصہ بنانے، جدت پسندی کو فروغ دینے اور ادارہ جاتی و تنظیمی حکمت عملی کو آئی ایس او 56000 انوویشن مینجمنٹ معیار کے مطابق ترتیب دینے کے لائحہ عمل سے متعلق اپنے تجربات بیان کیے۔ ورکشاپس میں مختلف نجی و سرکاری اداروں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی جن میں متعلقہ وفاقی وزارتیں اور ان سے منسلک محکمے اور تنظیمیں شامل تھیں۔ بالخصوص وزارت صنعت و پیداوار، وزارت سائنس و ٹیکنالوجی، وزارت منصوبہ بندی اور خصوصی اقدامات، اور دیگر اہم قومی اداروں بشمول پی ایس کیو سی اے، پی ایچ اے اور سمیڈا نے شرکت کی۔ دو روز جاری رہنے والی ورکشاپس میں شرکا کو آئی ایس او 56000 انوویشن مینجمنٹ سسٹم کے بنیادی اصولوں اور طریقہ کار سے متعارف کرایا گیا۔ شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم بھی کیے گئے۔ اس موقع پر شرکا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ اپنے اداروں میں جدیدیت اور معیاری کام کو فروغ دیں گے۔ مختلف شہروں میں ہونے والی یہ ورکشاپس ملک میں علم کی بنیاد پر پیداوار، ڈیجیٹل تبدیلیوں اور پائیدار معاشی ترقی کی طرف پیش قدمی کا ثبوت ہیں۔

بقیہ نمبر 22

میٹر ہے۔ ماہرین کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران یہ نظام مزید منظم ہوکر شمال مغرب کی جانب بڑھ سکتا ہے۔ تاہم فی الحال پاکستان کے کسی ساحلی علاقے کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ سائیکلون وارننگ سینٹر کراچی صورتحال کی مسلسل نگرانی کر رہا ہے اور کسی بھی ممکنہ تبدیلی کے بارے میں عوام کو بروقت آگاہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 23

وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ کراچی کی بیوٹیفکیشن اور جدید سہولتوں کی فراہمی سندھ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام منصوبے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن کے مطابق ایک بہتر اور خوبصورت کراچی کی جانب قدم ہیں۔ وزیر محنت سعید غنی نے کہا کہ کراچی کی ترقی کا مطلب سندھ کی ترقی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت شہری سہولتوں کی بہتری، ٹریفک نظام میں اصلاحات اور روزگار کے مواقع کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ نے افسران کو ہدایت دی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں کی جامع فیزیبلٹی رپورٹس تیار کی جائیں تاکہ منصوبے پائیدار اور مؤثر ثابت ہوں۔ وزرا اور چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ منصوبوں کی رفتار تیز کی جائے اور معیار و شفافیت کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 24

کی ترجمانی کی ہے انکے فرزند مسلم لیگ کے مرکزی سینئر نائب صدر و وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین اپنے دادا شہید وطن چوہدری ظہور الٰہی اور والد چوہدری شجاعت حسین کے نقش قدم پر چلتے ہوئے تسلسل در نسل پاکستان کی وحدت اور بین الاقوامی طور مسلم امہ کی آواز بن چکے ہیں یہی وجہ ہے کہ چوہدری سالک حسین کے خلاف فلسطین کے حوالے سے منظم انداز میں کچھ نادیدہ قوتیں اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لئے گھناؤنا پروپیگنڈہ کر رہے ہیں جبکہ اصل صورتحال یہ ہے کہ اس میں یہودی سسرال کا اثر لگتا ہے۔ آن ریکارڈ یہودیوں کی ماں جب اپنی ماں جیسی لگنے لگے اور ہر بار لندن جا کر ان کے گھر ٹھہرنا ہو تو ان کے پیروکاروں کا بھی یہی حال ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے بیرون ملک موجود مفرور افراد بھی اس من گھڑت پروپیگنڈا میں شامل ہیں۔ صادق شیخ نے کہا کہ سچ تو یہ ہے کہ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے ہر فورم پر اس بات کا اظہار کیا ہے کہ فلسطین ہماری شہ رگ کے قریب ہے اور ہم کسی بھی جبر یا قبضے کے ساتھ کبھی نہیں کھڑے ہوئے۔ ہماری فلسطین کے لیے حمایت ہمیشہ واضح رہی ہے۔ اقوام متحدہ میں کھڑے ہو کر فلسطین کے حق میں آواز اٹھاتے رہیں ہیں۔ صادق شیخ نے کہا کہ چوہدری سالک حسین کی ایک سال پرانی تقریر کے چند سیکنڈ کاٹ پیٹ کر اور توڑ مروڑ کر ویڈیو کلپ بنانے پاکستان اور مسلم امہ کے دشمن ہیں یہ ویڈیو انکے منہ پر طمانچہ ہے۔ اسطرح کے جھوٹے بے سروپا ویڈیو کلپ محب وطن چوہدری سالک حسین کچھ کا نہیں بگاڑ سکتے، تم گھروں میں بیٹھ کر گمراہ کن بیانیے اور بہتان ہی لگا سکتے ہو، چوہدری سالک حسین کا ہمیشہ یہ موقف رہا ہے کہ پوری دنیا کے سامنے فلسطین کا مقدمہ لڑ رہا ہوں اور لڑتا رہوں گا۔ جبکہ آپ کی اور آپکے سسرالیوں کی اسرائیل کو تسلیم کرانے کی خواہش کبھی پوری نہیں ہوگی۔

بقیہ نمبر 25

جارحیت کے خلاف یوم سیاہ منائیں گے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے غلام محمد صفی نے کہا کہ 27 اکتوبر 1947 کو بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں اپنی فوجیں اتاریں، ریاست جموں و کشمیر کے بڑے حصے پر ناجائز قبضہ کیا، بھارت کے ناجائز قبضے کے خلاف کشمیری سراپا احتجاج ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کے جبری قبضے کے خلاف آج کا دن یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا، اقوام عالم سے مطالبہ کیا جائے گا کہ کشمیریوں سے کیے وعدے عملدرآمد کروایا جائے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ جب تک بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر سے آخری بھارتی فورسز کا انخلا نہیں ہوتا جدوجہد آزادی جاری رہے گی، یوم سیاہ کے موقع پر مظفرآباد میں بڑی احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا جائے گا، اقوام متحدہ سے قراردادوں پر عملدرآمد کا مطالبہ کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 26

کے الزامات کا جواب دیا۔ وزیراعلی نے کہا کہ ہوم ڈیپارٹمنٹ نے خط لکھا اور بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ملاقات کروائیں، وزیراعظم سے بانی سے ملاقات کرانے کا کہا لیکن انہوں نے کہا کہ پوچھ کر بتاتا ہوں، پھر میں نے وزیراعظم سے میٹنگ کے لیے کہا کہ میں بانی سے پوچھ کر بتاتا ہوں، مجھ کو ناکام کرنے کی کوشش کرینگے، میرے اعصاب مضبوط ہیں۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ ہم دلیر ہیں، ہم کسی سے ڈرنے والے نہیں، ان کے بڑے بڑے باپ نے کیا تیر مارا ہے، یہ نوجوان ڈلیور کرے گا، میں 36 سال کا ہوں، میں ڈلیور کرونگا، آپ باہر ملکوں میں فلیٹ خریدیں گے، آپ نہیں ڈلیور کرسکتے ہم ڈلیور کرکے رہینگے۔ وزیراعلی نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن لے کر رہیں گے، پولیس کے لیے جدید اسلحہ خریدینگے، بلٹ پروف گاڑیاں خریدینگے، پولیس، اسپیشل برانچ، انٹیلی جنس اور اس پر انویسٹ کرینگے، گڈ گورننس ضروری ہے خیبر پختونخوا کے 4 ریجن کے لیے پیکج کا اعلان جلد کرینگے۔ سہیل آفریدی نے کہا کہ عمران خان کے وژن کے مطابق کرپشن پر زیرو ٹالرنس ہے، تمام سرکاری ملازمین عوام کے نوکر ہیں، میرے پروٹوکول کے لیے راستہ بند نہیں کرینگے۔ انہوں نے کہا کہ بند کمروں یہ جوش دیکھ لیں، انصاف سٹوڈنٹ فیڈریشن پاکستان تحریک انصاف کے لیے لیڈرشپ دے رہی ہیں، کرک کے لیے اسکالرشپ دینگے۔

بقیہ نمبر 27

کہ جس جماعت کے پاس مطلوبہ نمبر ہوں اس کا حق ہے حکومت بنائے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی سیاسی جماعت کیپاس اکثریت نہیں ہے، اگر چودھری انوار الحق اکثریت برقرار نہیں رکھ سکے تو اس میں پیپلز پارٹی کی کوئی غلطی نہیں ہے، ہم نے سسٹم کو چلانا ہے اور پارلیمانی نظام کو آگے لیکر چلنا ہے۔ سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی کا کہنا تھا کہ ہماری پارٹی پولیٹیکل سسٹم کو چلانا چاہتی ہے، 2022 میں بھی ہم نے آئینی طریقے سے حکومت ختم کی تھی، اگر کوئی شخص اپنی جماعت سے الگ ہونا چاہتا ہے تو اس کو جبر سے نہیں روکا جاسکتا۔ نیئر حسین بخاری نے مزید کہا کہ جمہوری عمل میں جہاں بھی ملکی مختلف سیاسی جماعتوں میں اختلافات ہوں وہاں سیاست سے معاملات آگے بڑھتے ہیں۔

بقیہ نمبر 28

نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کریکس ایریا کے فارورڈ پوسٹس کا دورہ کیا، اس موقع پر انہوں نے آپریشنل تیاریوں اور جنگی صلاحیتوں کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران پاک میرینز میں جدید 2400 ٹی ڈی ہوور کرافٹ شامل کردیے گئے، 3 جدید ترین ہوور کرافٹ کی شمولیت پاک بحریہ کی آپریشنل صلاحیت میں اہم اضافہ ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق نئے ہوور کرافٹ مختلف سطحوں پر بیک وقت کام کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، روایتی کشتیاں جن علاقوں میں نہیں جاسکتیں وہاں ہوور کرافٹ باآسانی متحرک رہیں گے۔ نئے ہوور کرافٹ کی شمولیت پاک بحریہ کی دفاعی صلاحیت اور مؤثر ردعمل کی استعداد مضبوط بنائے گی۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے کہا کہ نئی پلیٹ فارمز کی شمولیت پاک بحریہ کے جدید وژن کی عکاسی ہے، پاک بحریہ سمندری سرحدوں اور ساحلی پٹی کے دفاع کیلئے پرعزم ہے۔ نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے اپنی گفتگو میں کریکس ایریا کے دفاع کو پاک بحریہ کی اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے کہا کہ سی لائنز آف کمیونی کیشن اور میری ٹائم سیکیورٹی قومی خودمختاری کا ستون ہیں۔ ایڈمرل نوید اشرف کا کہنا تھا کہ پاکستان بحریہ علاقائی سلامتی میں اہم اسٹیک ہولڈر کا کردار ادا کر رہی ہے، سر کریک سے جیوانی تک اپنی بحری حدود کا دفاع کرنا جانتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک بحریہ کی دفاعی صلاحیت ہماری قوم کے بلند حوصلے کی طرح مضبوط ہے، سمندر سے ساحل تک ہمارا دفاعی نظام ناقابل تسخیر ہے۔

بقیہ نمبر 29

اسپیشل ایجوکیشن سنٹرز میں 20 ہزار طلبا کا موقع پر ہی علاج معالجہ کیا گیا۔ مراکز صحت، تحصیل ہیڈ کوارٹرز او رڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں میں 9 ہزار سے زائد طلبا جبکہ بڑے شہروں کے ہسپتالوں میں 5 ہزار سے زائد طلبہ کا علاج معالجہ کیا گیا ہے۔ پنجاب بھر میں سپیشل طلبا کے داخلوں کے لئے ڈور ٹو ڈور مہم کامیابی سے ہمکنار ہوچکی ہے، جس کے دوران 5 ہزار سے زائد نئے داخلے ہوئے ہیں۔ سی ایم پنجاب خودمختار پروگرام کے تحت سپیشل ایجوکیشن مراکز میں 2 خصوصی کورسز کا اجرا کیا گیا ہے۔ اسپیشل ایجوکیشن مراکز میں ڈیزائن اینڈ یوٹیوب، کانٹینٹ کری ایشن، سوشل میڈیا اور ای کامرس کے کورسز بھی کرائے جا رہے ہیں۔ سپیشل ایجوکیشن مراکز میں 10 سٹیٹ آف دی آرٹ نئی کمپیوٹر لیبز کی منظوری دے دی گئی، سپیشل ایجوکیشن مراکز میں 8 موجودہ لیبز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 30

تھا۔ 2022 میں حکومت سنبھالی تو گیس کنکشنز کی فراہمی کا بہت دباؤ تھا، سپلائی کم، مانگ زیادہ تھی، لاکھوں لوگ گیس کنکشنز کی فراہمی کیلئے انتظار میں تھے، جہاں پائپ لائنز بچھ چکی تھیں وہاں بھی گیس فراہمی ممکن نا تھی کیونکہ گیس موجود ہی نہیں تھی، ہم نے اس مسئلے پر توجہ دی۔ آج گھریلو صارفین کیلئے معیاری ایندھن دستیاب ہوگیا ہے، یہ سابق وزیر اعظم میاں نواز شریف کے عوامی خدمت کے اقدامات کا ہی تسلسل ہے، 2013 میں تیسری مرتبہ وزیراعظم منتخب ہونے کے بعد انہوں نے ملک میں اٹھارہ اٹھارہ بیس بیس گھنٹے کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ حل کیا تھا۔ آج گیس کا مسئلہ بھی مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی، ایم کیو ایم سمیت اتحادی جماعتوں پر مشتمل پی ڈی ایم کی حکومت نے حل کیا ہے، جس پر میں سب کو مبارک باد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا پاکستان کی ترقی کیلئے ہمیں دن رات محنت کرنی ہے اور اپنے ملک کو آگے لیکر جانا ہے۔ وزیراعظم نے قبل ازیں تختی کی نقاب کشائی کرکے آر ایل این جی کنکشنز کی فراہمی کا افتتاح کیا۔ وفاقی وزیر توانائی و پٹرولیم ڈویژن علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر حکومت نے قطر و دیگر ممالک سے ملکر توانائی کا مسئلہ حل کرنے پر توجہ دی تاکہ اس مسئلے کا مستقل حل نکالا جاسکے۔ 2026 تک مقامی ایندھن کے کنوئیں بھی چالو کریں گے اور عوام کو سستا اور معیاری ایندھن فراہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب گھروں میں گیس سلنڈرز نہیں رکھنا پڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایک سال میں ایس این جی پی ایل نے 29 ارب منافع کمایا، لائن لاسز کم ہوکر 4.93 فیصد پر آگئیں، آر ایل این جی محفوظ اور ماحول دوست ایندھن ہے، گیس کنکشنز کی فراہمی اب آسان ہوگئی ہے۔

بقیہ نمبر 31

نے تاریخ کے اوراق پر روشنی ڈالتے ہوئے بتایا کہ سردار ولبھ بھائی پٹیل نے کہا تھا کشمیر پاکستان کو دے دیں، یہ انڈیا کا رستا ہوا زخم بن جائے گا، آج واقعتا کشمیر بھارت کا رستا ہوا زخم بن گیا، اتنی ترقی کے باوجود انڈیا شرمندگی کا شکار ہے، رواں برس مئی میں چار دن کی جنگ نے انڈیا کو بے نقاب کردیا، اس چار روزہ جنگ کے دوران خود بھارتی تجزیہ کاروں نے بی جے پی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انڈیا کی 60 فیصد آبادی خطِ غربت کے نیچے ہے، قبل ازیں جنوری میں بین الاقوامی مبصرین کے تجزیے آرہے تھے کہ انڈیا میں معاشی عدم مساوات برطانوی راج کے دور سے زیادہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انڈیا کی 18 ریاستوں میں شورش جاری ہے، مودی کی سیاست نے انڈیا کی سماجی ڈھانچے کو بھی تباہ کیا ہے۔ مودی کی انتہاپسند حکومت ہوتے ہوئے پاکستان اور انڈیا کے درمیان بات چیت کا کوئی راستہ نہیں ہے، مودی بات کرنے کیلئے تیار ہی نہیں ہے، اس نے پارلیمنٹ میں اکھنڈ بھارت کا نقشہ لگا رکھا ہے، ایسے میں پاکستان کی طرف سے استدلال پر مبنی موقف کو بھارت میں نہیں سنا جارہا۔ انہوں نے کہا کہ 1948، 1965، 1999، 2019 پلوامہ اور اب رواں برس مئی میں پاکستان اور انڈیا کی جنگیں کشمیر پر ہوئیں، پاکستان نے نہایت کامیابی کے ساتھ مسئلہ کشمیر کو قومی اور بین الاقوامی سطح پر زندہ رکھا، آپریشن بنیان المرصوص میں پاکستان سفارتی سطح پر ایک سمجھدار ریاست کے طور پر ابھرا، کامیاب سفارت کاری کی وجہ سے بین الاقوامی سطح پر پاکستان اپنی جگہ بناتا جارہا ہے، کشمیر کا ایک مثبت پہلو یہ ہے کہ پاکستان ایٹمی ریاست بن گیا، اسرائیل نے غزہ پر حملے کے دوران 6 ہمسایہ ملکوں پر حملہ کیا، پاکستان کو اگر کسی نے بچایا تو وہ ہمارے ایٹمی ہتھیار ہیں۔ 27 اکتوبر کی تاریخی اہمیت بتاتے ہوئے ڈاکٹر نوشین وصی نے کہا کہ اس روز 1947 میں انڈیا نے غیرقانونی طور پر اپنی فوج کشمیر میں اتاری، مہاراجہ ہری سنگھ نے 26 اکتوبر 1947 کو انڈیا کے ساتھ الحاق کے معاہدے پر دستخط کیے جو کہ غیرقانونی تھا کیونکہ کشمیر نے پاکستان کے ساتھ standstill agreement کیا ہوا تھا، دوسری جانب برطانوی راج کی طرف سے 3 جون 1947 کو پیش کیے گئے تقسیم کے منصوبے کے مطابق شاہی ریاستوں نے انڈیا یا پاکستان میں سے کسی کے ساتھ بھی الحاق کرتے ہوئے عوام کی خواہشات کو فوقیت دینا ہوگی، لیکن مہاراجہ ہری سنگھ نے مسلم اکثریتی علاقہ ہونے کے باوجود انڈیا سے الحاق کا معاہدہ کیا، تو 27 اکتوبر کو ہم اور کشمیری یوم سیاہ اس لیے مناتے ہیں کہ اس دن انڈیا نے اپنی فوج کشمیر میں اتاری۔ ان کا کہنا تھا کہ انڈیا کی فوج آنے کے باوجود مہاراجہ ہری سنگھ اور انڈیا دونوں کو شکست ہورہی تھی اور جدوجہد آزادی کشمیر کے کارکن علاقے آزاد کرا رہے تھے، انڈیا کو یہ فکر ہوئی کہ جتنی تیزی سے آزاد کشمیر کا یہ علاقہ آزاد ہوا ہے اس طرح تو پورا کشمیر ہمارے ہاتھ سے نکل جائے گا، یوں انڈیا اس مسئلے کو لے کر اقوام متحدہ چلا گیا۔ اقوام متحدہ نے جنگ بندی کا اعلان کیا اور جتنا علاقہ جدوجہد آزادی کشمیر کے کارکن آزاد کرا چکے تھے اس میں اقوام متحدہ نے لائن آف کنٹرول بنا دی۔ انہوں نے کہا کہ انڈیا کے پہلے وزیراعظم نہرو نے وعدہ کیا تھا کہ کشمیر میں استصواب رائے کروائیں گے اور 1948 میں اقوام متحدہ نے کمیشن برائے پاکستان اور انڈیا بھی بنایا (UNCIP) جس نے شرائط رکھیں کہ استصواب رائے کیلئے کشمیر سے فوج نکالی جائے جسے انڈیا نے ماننے سے انکار کیا جبکہ پاکستان نے موقف اختیار کیا کہ اگر انڈین فوج یہاں تعینات رہی تو استصواب رائے دھاندلی زدہ ہوگا۔ ڈاکٹر نوشین وصی نے بتایا کہ بعد ازاں ایک ڈکسن پلان دیا گیا جس کے مطابق انڈیا پاکستان دونوں اپنی فورسز واپس بلالیں تو ہمارے مبصر گروپس کی موجودگی میں استصواب رائے ہوجائے گا، انڈیا نے اس کو بھی ماننے سے انکار کردیا۔ پھر دونوں ملکوں نے کشمیر کو متنازع علاقہ مانتے ہوئے اپنے اپنے آئین میں اسے خصوصی آئینی حیثیت دی جسے بعدازاں انڈیا 2019 میں ختم کرچکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ سابق صدر مملکت جنرل پرویز مشرف نے موجودہ حالات کے تناظر میں کشمیر کا چار نکاتی فارمولہ پیش کیا جسے پوری دنیا نے بہت معقول تسلیم کیا، اس فارمولے کے مطابق انڈیا اور پاکستان اس خطے سے فوجیں نکال کر کشمیر ویلی کو بارڈر فری کردیں، کیونکہ کشمیر ویلی میں مسلم اکثریت ہے تو لامحالہ اس نے پاکستان کے ساتھ شامل ہونا ہے لیکن ہم سب کو یاد ہے کہ کس طرح اس وقت کے بھارتی وزیراعظم منموہن سنگھ عین دستخط کے دن اپنی بات سے پیچھے ہٹ گئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کشمیر کی پاکستان کیلئے اہمیت اس لیے بھی زیادہ ہے کیونکہ ہمارے پاس جو پانی آتا ہے اس کا واٹر ہیڈ کشمیر میں ہے، تقسیم کے منصوبے کے مطابق فیروزپور کا علاقہ پاکستان کو ملنا تھا کیونکہ وہاں مسلم اکثریت تھی لیکن انڈیا نے تقسیم کے منصوبے کو اور باؤنڈری ایوارڈ میں ہیرا پھیری کی، اگر گورداس پور اور فیروزپور پاکستان کے پاس آتے تو شاید مسئلہ کشمیر کھڑا ہی نہ ہوتا۔ سیمینار کے اختتام پر ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ محترمہ ارم تنویر صاحبہ نے کشمیری عوام کیلئے پاکستان کی غیرمتزلزل حمایت کے عزم کو دہرایا، انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی صعوبتوں کو اجاگر کرنے کیلئے حقائق پر مبنی گفتگو ہونی چاہیے تاکہ ہم عالمی سطح پر بھی کشمیر کا کیس موثر انداز میں پیش کرسکیں۔

بقیہ نمبر 32

اور سفارتکاروں نے انسداد منشیات، انسانی سمگلنگ اور سیکورٹی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر بات چیت کی۔ محسن نقوی نے 5 برس بعد برطانیہ کے لیے فضائی آپریشن کے آغاز پر برطانوی حکومت اور ہائی کمشنر سے تشکر کا اظہار کیا۔ برطانوی ہائی کمشنر اور قائم مقام امریکی سفیر نے پاک بحریہ کے منشیات کے خلاف حالیہ آپریشن کو سراہا۔ برطانوی ہائی کمشنر نے وزیر داخلہ کو نیشنل کرائم ایجنسی کے ڈائریکٹر جنرل کے آئندہ دورہ پاکستان سے آگاہ کیا، جس کے دوران امیگریشن اور انسداد منشیات کے شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے جائیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سینٹر آف ایکسیلینس کے قیام سے پاکستانی اداروں کی استعداد کار بڑھانے اور قانونی تعاون میں مدد ملے گی۔ قائم مقام امریکی سفیر نے کہا کہ دہشتگردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے پاکستان کی کوششیں قابل تحسین ہیں اور سیکورٹی و انسداد دہشتگردی کے شعبوں میں تعاون جاری رہے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ پاکستان عالمی برادری کے ساتھ مل کر دہشتگردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ نمبر 33

نقوی کی قیادت میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، جناب نثار احمد کھوڑو صاحب سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ملازمین کے تحفظات اور مسائل سے چیئرمین کو تفصیلاً آگاہ کیا۔ چیئرمین نثار احمد کھوڑو صاحب نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ کسی بھی مستقل یا محنتی ملازم کو بلاجواز برطرف نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر کسی قسم کی کارروائی عمل میں آئے گی تو وہ صرف جعلی یا بوگس ملازمین کے خلاف ہوگی جو بغیر کام کیے گھر بیٹھے تنخواہیں وصول کر رہے ہیں۔ چیئرمین نے کہا کہ ہم محنت کشوں اور مزدوروں کے ساتھ ہیں، ان کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے گا اور کسی محنتی ملازم کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دی جائے گی۔ تاہم، جو بوگس اور غیر حاضر ملازمین ہیں، ان کے لیے ادارے میں کوئی گنجائش نہیں ہوگی اور ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ دیانتدار اور محنتی عملہ ادارے کا قیمتی سرمایہ ہے، اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے تاکہ ادارے کی کارکردگی مزید بہتر بنائی جاسکے۔

بقیہ نمبر 34

سال 2025 میں 22848 مقدمات دائر، 27228 مقدمات کے فیصلے ہوئے، مجموعی زیر التوا مقدمات 60410 سے کم ہوکر 55951 رہ گئے۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ چیف جسٹس نے کہا کہ سزائے موت، عمر قید، خاندانی، ٹیکس، سروس مقدمات کو ترجیح دی گئی، عدالتی کارکردگی کی نگرانی کیلئے جوڈیشل ڈیش بورڈ کا اجرا ہوا، ایکسیس ٹو جسٹس ڈویلپمنٹ فنڈ کے تحت 1.64 ارب روپے کے ریکارڈ فنڈز جاری ہوئے۔ واضح رہے جوڈیشل کونسل نے ایک سال میں 130 شکایات نمٹائیں، پاکستان سیکرٹریٹ بھی قائم کیا گیا، جوڈیشل کمیشن کے 31 اجلاسوں میں 53 ججز کی تقرری کی سفارش کی گئی۔

بقیہ نمبر 35

اسی طرح ڈنر میں پیپلز پارٹی کی پارلیمانی پارٹی، مہاجرین نشستوں اور بیرسٹر سلطان گروپ کے ارکان شریک ہوں گے، بیرسٹر سلطان کے دھڑے نے فریال تالپور کے ساتھ ملاقات میں ووٹ کی یقین دہانی کرادی۔ ذرائع نے بتایا کہ بیرسٹر گروپ کے 5 اور مہاجرین نشستوں کے 5 ارکان پیپلز پارٹی کے ساتھ ہیں، دو ارکان کی حمایت خفیہ رکھی گئی ہے، دونوں دھڑوں کی شمولیت کے بعد 30 سے زائد ارکان کی حمایت حاصل ہوگئی، پیپلز پارٹی پاور شو کے ذریعے اپنی عددی برتری ثابت کرے گی۔ دوسری جانب پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری ریاض نے وزرا کی پیپلز پارٹی میں شمولیت کی بھی تصدیق کردی۔

بقیہ نمبر 36

آئی ایس آر ورژن تھا، ابوظہبی سے نئی دہلی کی طرف جا رہا تھا۔ یہ جہاز کراچی کے سمندری حدود سے تقریباً اسی ناٹیکل میل مغرب میں پرواز کر رہا تھا جب اس نے اپنے طاقتور ریڈار، سگنل انٹیلی جنس انٹینا زاور ڈیٹا لنک سسٹم کو فعال کرکے پاکستانی فوجی تنصیبات کی جاسوسی شروع کردی۔ جہاز چالیس ہزار فٹ کی بلندی پر ماک زیرو پوائنٹ آٹھ دو کی رفتار سے اڑ رہا تھا اور اس کا ای ڈی ایس بی ٹرانسپونڈر آن تھا، یعنی وہ خود کو ایک عام سول ایئر لائنر کے طور پر پیش کر رہا تھا، مگر اس کے فعال ایئر بورن ریڈار اور الیکٹرانک انٹیلی جنس پوڈز پاکستانی الیکٹرانک وارفیئر نیٹ ورک کے لیے ایک واضح خطرہ بن چکے تھے۔ پاک فضائیہ کا ردعمل فوری اور حیران کن تھا۔ کراچی کے قریب سندھ ٹیکٹیکل ایئر ڈیفنس نیٹ ورک کا حصہ بننے والے گراؤنڈ بیسڈ الیکٹرانک وارفیئر نوڈ نے صرف چھ سیکنڈز میں جہاز کو لاک کرلیا۔ اس کارروائی میں مقامی طور پر تیار کردہ ایکو الیکٹرانکلی اسکینڈ اری جمنگ سویٹ، ڈیجیٹل ریڈیو فریکوئنسی میموری ریپیٹرز، ہائی پاور ناروبینڈ نوائز جیمرز جو ایل بینڈ، ایس بینڈ اور ایکس بینڈ پر کام کرتے ہیں، اور جی پی ایس اسپوفنگ پوڈ کا استعمال کیا گیا۔ یہ تمام سسٹم ایک مربوط نیٹ ورک کی شکل میں کام کر رہے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ سب سے پہلے جہاز کے موڈ ایس ٹرانسپونڈر کو اس طرح گمراہ کیا گیا کہ وہ اچانک ہائی جیک کوڈ سکواک سیون فائیو زیرو دکھانے لگا، حالانکہ کوئی ہائی جیکنگ نہیں ہوئی تھی۔ اس کے الیکٹرانک انٹیلی جنس ریسیورز میں منفی ایک سو بیس ڈیسی بل ملی واٹ کا نوائز فلور داخل ہوگیا، جس سے ان کے آلات مکمل طور پر بلیک آؤٹ ہوگئے۔ نیویگیشن کے حوالے سے جہاز کے انرشل نیویگیشن سسٹم اور جی پی ایس کو اس طرح دھوکہ دیا گیا کہ بھوج کی بجائے امرلی کا مقام دکھایا جانے لگا، یعنی جہاز کو لگا کہ وہ اپنے اصل راستے سے ایک سو بیس ناٹیکل میل مشرق میں بھٹک گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بھارتی ایئر بورن وارننگ اینڈ کنٹرول سسٹم سے لنک سولہ ڈیٹا لنک کنکشن صرف چار سیکنڈز میں منقطع ہوگیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ جہاز نے فوری طور پر ایمرجنسی ڈیسینٹ شروع کی اور چالیس ہزار فٹ سے اٹھائیس ہزار فٹ کی بلندی تک چار ہزار فٹ فی منٹ کی شرح سے نیچے آیا۔ امرلی کے قریب پاکستانی حدود سے باہر نکل کر وہ عرب سمندر کی طرف واپس بھاگ گیا۔ پاک فضائیہ نے نہ کوئی میزائل فائر کیا، نہ کوئی وارننگ شاٹ، بلکہ صرف سافٹ ایئر پاور کے ذریعے بھارتی جہاز کو شرمندہ کرکے واپس بھیج دیا۔ ذرائع نے بتایا کہ بھارتی فضائیہ نے اپنی سول ایوی ایشن اتھارٹی کو رپورٹ دی کہ جہاز کو غیر متوقع جی پی ایس انوملی کا سامنا کرنا پڑا۔ بھارتی فضائیہ کے ہیڈکوارٹرز میں ایک ایمرجنسی میٹنگ ہوئی جہاں ایک سینئر افسر نے تسلیم کیا کہ یہ پاکستانیوں کا نیا ڈیجیٹل ریڈیو فریکوئنسی میموری سسٹم ہے جس نے ان کے جی فائیو فنٹش کے تمام پوڈز کو بیکار کردیا۔ تجزیہ نگاروں نے کہا کہ یہ واقعہ صرف ایک تکنیکی کامیابی نہیں بلکہ ایک اسٹریٹجک پیغام بھی ہے۔

بقیہ نمبر 37

25 سال اور ضلع پاک پتن کے رہائشی تھے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ ترکیہ میں پاک افغان مذاکرات کے باوجود فتن الخوارج کی دراندازی کی کوششیں جاری ہیں، پاکستان مسلسل افغان حکومت سے اپنی سرحد کے اطراف میں موثر بارڈر مینجمنٹ کو یقینی بنانے کا کہہ رہا ہے۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ توقع ہے افغان عبوری حکومت دوحہ معاہدے کے مطابق ذمہ داریاں پوری کرے گی، افغان حکومت خوارج کو پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال سے روکے۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان کی سیکیورٹی فورسز ملک کی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم اور غیرمتزلزل ہیں، سیکیورٹی فورسز کی طرف سے وژن عزم استحکام کے تحت خوارج کو ختم کرنے کے لیے سینی ٹائزیشن آپریشن جاری ہے، آپریشن غیرملکی حمایت یافتہ دہشت گردوں کو ختم کرنے کے لیے پوری رفتار سے جاری رہے گا۔

بقیہ نمبر 38

کہ چیف سیکریٹری آفس کی جانب سے بھی 10 وجیلینس کمیٹیاں تشکیل دی گئیں جنہوں نے اسلام آباد سمیت تمام امتحانی مراکز میں انتظامات کی نگرانی کی اور میرٹ و شفافیت کو یقینی بنایا۔ ایم ڈی کیٹ میں 32 ہزار 531 سے زائد امیدواروں نے شرکت کی۔ امتحان کے لیے 10 امتحانی مراکز صوبے بھر میں قائم کیے گئے جن میں اسلام آباد، کراچی، حیدرآباد، لاڑکانہ، جامشورو، سکھر، جیکب آباد، میرپورخاص، اور شہید بینظیر آباد شامل ہیں۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے ایم ڈی کیٹ کے کامیاب انعقاد پر سکھر آئی بی اے، ضلعی انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں کی کاوشوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کی ترجیح ہمیشہ شفافیت اور میرٹ رہی ہے، اور ایم ڈی کیٹ کے کامیاب انعقاد نے اس عزم کو مزید مضبوط کیا ہے۔ چیف سیکریٹری نے مزید بتایا کہ امیدواروں، والدین، میڈیا اور سوشل میڈیا پر بھی امتحان کے شفاف انتظامات کو سراہا گیا ہے، جو سندھ حکومت پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔

بقیہ نمبر 39

سربراہی میں پاکستانی وفد نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور دیگر اعلی حکام پر مشتمل ہوگا۔ وزیراعظم شہباز شریف فیوچر انویسٹمنٹ کے نویں ایڈیشن میں شرکت کریں گے جبکہ دورِ ریاض میں وزیراعظم سعودی قیادت سے ملاقاتیں کریں گے۔ اس کے علاوہ پاک سعودی قیادت کی ملاقاتوں میں تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، اور افرادی وسائل کے شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا جائے گا۔ اعلامیے کے مطابق پاک سعودی قیادت کی ملاقاتوں میں علاقائی اور عالمی امور دلچسپی پر بھی گفتگو ہوگی۔ وزیراعظم کانفرنس کے موقع پر دیگر ممالک کے رہنماں اور بین الاقوامی تنظیموں کے سربراہوں سے بھی ملاقاتیں کریں گیپاکستان کی سرمایہ کاری کی صلاحیت اور پائیدار ترقی کے شعبے میں تعاون کے عزم کو اجاگر کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 40

خیبر پختونخوا سے گرفتار کرلیا۔ ملزمان نے رواں سال 17 مارچ کو شانتی نگر میں فائرنگ کر کے فائق خان کو قتل کیا تھا جس کے قتل کا مقدمہ عزیز بھٹی تھانے میں درج کیا گیا تھا جب کہ واقعے کے گواہ اسمٰعیل کو بھی ملزمان نے چند گزشتہ ماہ فائرنگ کر کے قتل کیا تھا۔ پولیس کے مطابق دونوں ملزم باپ اور بیٹے واردات کے بعد کے پی میں جا کر روپوش ہوگئے تھے تاہم انویسٹی گیشن پولیس نے گرفتار باپ اور بیٹے کو کراچی منتقل کردیا ہے جب کہ فائرنگ کا واقعہ دشمنی کی بنا پر پیش آئے ہیں اور اس حوالے سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ نمبر 41

تفصیلات کے مطابق پاکستان اسٹیل ملز کے جبری برطرف ملازمین کا 85 میں دن سے احتجاجی دھرنا جاری، وفاقی، صوبائی حکومت و اسٹیل ملز سی بی اور ٹریڈ یونین سے مایوس، ملازمین کا بڑی تحریک کا اعلان کیا ہے اسٹیل ملز ملازمین کے زراع نے بتایا کہ پاکستان اسٹیل ملز کے جبری برطرف ملازمین نے وفاقی حکومت صوبائی سندھ کی حکومت اسٹیل ملز انتظامیہ، سی بی اے اسٹیل ملز اور ٹریڈ یونین کے رویے پر شدید مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے بڑی احتجاجی تحریک چلانے کا اعلان کردیا ہے۔ زراع کا کہنا ہے کہ انہیں کئی ماہ قبل زبردستی نوکریوں سے برطرف کیا گیا، مگر اب تک نہ تو واجب الادا تنخواہیں دی گئیں اور نہ ہی گولڈن ہینڈ شیک اسکیم کے تحت وعدے پورے کیے گئے ہیں اور نہ ہی فیز فور دیا گیا، برطرف ملازمین کے مطابق وہ گزشتہ 84 دن سے اسٹیل ٹاؤن اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ کے مرکزی دروازے کے باہر احتجاجی دھرنا دیے ہوئے ہیں، مگر حکومتی یا متعلقہ اداروں میں سے کسی نے بھی ان کے دکھ درد کو سنجیدگی سے نہیں لیا۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ برطرفی کے بعد ملازمین اور ان کے خاندانوں کو شدید معاشی مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ اسٹیل ٹاؤن کے ہسپتال، اسکول، پانی اور گیس کی سہولتیں بھی بند کردی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر 42

میں آنے والے موٹر سائیکل سوار شہری سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل چھین لیتا ہے۔ واردات کے وقت شہری آصف کے ہمراہ ایک بچہ موٹر سائیکل کی ٹنکی پر جبکہ دوسرا لڑکا ان کے عقب میں سوار تھا جو کہ ان کے بیٹے تھے، چند سیکنڈوں میں کی جانے والی موٹر سائیکل چھیننے کی واردات نے اے وی ایل سی اور علاقہ پولیس کی کارکردگی کا پول کھول دیا۔ مذکورہ واردات 23 اکتوبر کی رات پیش آئی تھی جبکہ متاثرہ شہری نے سال 2020 ماڈل کی 125 موٹر سائیکل چھیننے کی رپورٹ خواجہ اجمیر نگری تھانے میں درج کروادی ہے۔

بقیہ نمبر 43

کی خدمات کو سراہا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، اتحاد اور مثبت سوچ کو فروغ دیتے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین فواد اعجاز خان نے کہا کہ اوور 40 ٹی 20 ورلڈ کپ 2025 کا افتتاح 21 نومبر کو کراچی میں ہوگا۔ افتتاحی تقریب شاندار آتشبازی اور بین الاقوامی ٹیموں کی شرکت سے یادگار بنائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی اور مجموعی طور پر 42 میچز کھیلے جائیں گے

بقیہ نمبر 44

لیا گیا ہے۔ انکے مطابق منصفانہ تحقیقات کے لیے کیس ایف آئی اے کے سپرد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملزم سمیت مقدمے کا مکمل ریکارڈ پیر کو ایف آئی اے کے حوالے کیا جائے گا جس کے بعد پیر سے ایف آئی اے کیس کی تفتیش کرے گی۔ واضح رہے کہ عرفان نامی نوجوان کو بدھ کے روز حراست میں لیا گیا تھا اور آئی او کی جانب سے جمعرات کے روز 7 بجے کے قریب اہل خانہ کو عرفان کی موت کے حوالے سے آگاہ کیا گیا تھا۔ تاہم واقعے کے مقدمے اور تفتیش پر عرفان کے اہل خانہ کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا گیا تھا۔ ایس آئی یو پولیس کی حراست میں مبینہ تشدد سے نوجوان کی ہلاکت اور ورثا کی مدعیت میں مقدمہ درج نہ کرنے پر لواحقین نے گزشتہ روز سہراب گوٹھ کے قریب احتجاجی مظاہرہ کر کے دونوں ٹریک بند کردیے تھے۔ ایس ایچ او ایس آئی یو نے اپنی مدعیت میں صدر تھانے میں واقعے میں غفلت و لاپروائی کا مظاہرہ کرنے پر آئی او سمیت دیگر پولیس اہلکاروں کے خلاف قتل خطا کا مقدمہ درج کروا دیا۔ احتجاجی مظاہرین نے کہا کہ ورثا کی مدعیت میں نوجوان عرفان کی ہلاکت پر قتل، اغوا اور دہشت گردی کی دفعہ کے تحت مقدمہ درج کیا جائے۔ ایس ایچ او ایس آئی یو نے کہا کہ ایس آئی یو پولیس نے ایک اے ایس آئی اور کانسٹیبل کو گرفتار کرلیا جبکہ مقدمہ میں جو بھی نامزد ہیں انھیں گرفتار کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 45

ویڈیو بیان میں طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ پاک افغان مذاکرات، جنگ نہیں امن کے قیام کیلئے کیے گئے، دونوں ممالک قیادت امن چاہت ہے، افغانستان پاکستان میں دہشت گرد رہنے والوں و نال دے۔ انہوں نے کہا کہ شرپسندوں کو پاکستان بحوالہ کیا جائے، اگر کوئی پاکستان سے ایسا کرتا ہے تو ہمیں بتائیں، پاکستان کی قوم، افواج جنگ نہیں چاہتی ہے۔ چیئرمین پاکستان علما کونسل کا کہنا تھا کہ جہاں تک وزیر دفاع کے بیان کا تعلق ہے، وہ اس کی وضاحت خود کریں گے۔ حافظ طاہر اشرفی نے مزید کہا کہ تعلیمی اداروں میں مکالمے کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، معصوم لوگوں کا خون بہانا جہاد نہیں فساد ہے۔

بقیہ نمبر 46

فی الحال انہیں اس میں مداخلت کی ضرورت محسوس نہیں ہو رہی۔ ملائیشیا کے دارالحکومت کوالالمپور میں جاری آسیان سمٹ سے خطاب کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ میں نے سنا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان دوبارہ مسائل پیدا ہو رہے ہیں، اور مجھے لگتا ہے کہ میں اس مسئلے کے حل کے لیے کچھ کرسکتا ہوں۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ میں دونوں ممالک کو جانتا ہوں، اور یقین ہے کہ ہم پاک افغان مسئلہ جلد اور اچھے طریقے سے حل کرلیں گے۔ انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ وہ گزشتہ آٹھ ماہ میں آٹھ مختلف جنگیں رکوا چکے ہیں، اور اب ایک آخری تنازع ختم کرنا باقی ہے۔ ٹرمپ نے پاکستان کے وزیراعظم اور عسکری قیادت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ دونوں بہترین لوگ ہیں، مجھے ان پر مکمل اعتماد ہے۔ صدر ٹرمپ کا کہنا تھا کہ مجھے اس میں کوئی شک نہیں کہ ہم پاک افغان مسئلے کا پائیدار حل نکال سکتے ہیں، لیکن فی الحال مجھے اس کے لیے کوئی فوری قدم اٹھانے کی ضرورت نہیں ہے۔

پاکستان ترقی کی جانب جا رہا ہے

نواز شریف کی شہباز سے گفتگو

وزیراعظم شہباز شریف جاتی عمرہ میں مسلم لیگ ن کے قائد و صدر نواز شریف سے ملاقات، ملکی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ کیا گیا

ملکی معیشت کو ہمیں زیادہ مضبوط کرنا ہے، شہباز شریف صاحب آپ کی انتھک محنت کی دنیا بھی تعریف کرتی ہے، صدر مسلم لیگ (ن)

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے جاتی امراء لاہور میں صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف سے اہم ملاقات کی جس میں ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس ملاقات میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف بھی موجود تھے۔ ذرائع کے مطابق دونوں رہنماؤں نے پاک افغان امن معاہدہ اور دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا، نواز شریف نے حکومت کی ملکی معاشی و سفارتی محاذ پر کامیابیوں کو سراہا۔ نواز شریف نے شہباز شریف حکومت کی ملکی معاشی و سفارتی محاذ پر کامیابیوں کو سراہا۔ اس موقع پر نواز شریف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملکی معیشت کو مزید مضبوط کرنا ہے، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ملک ترقی کی جانب جا رہا ہے، انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی انتھک محنت کی دنیا بھی تعریف کرتی ہے۔ اقوام عالم میں پاکستان کی پذیرائی حکومت کی اہم سفارتی کامیابی ہے، پاکستان امن پسند ملک ہے اور امن کو ترجیح دیتا ہے۔ نواز .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

لاہور: چھٹی کے روز بچے اونٹ کی سواری سے لطف اندوز ہو رہے ہیں

پولیس تشدد سے جاں بحق نوجوان کے ورثا سے مذاکرات کامیاب

احتجاج ختم، میت بہاولپور روانہ' عرفان پر بدترین تشدد کیا گیا، چچا ضیاء محمد

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی میں ایس آئی یو پولیس کے ہاتھوں 14 سالہ عرفان کے قتل کے واقعے کے بعد لواحقین اور پولیس کے درمیان مذاکرات سات گھنٹے بعد کامیاب ہو گئے، جس کے بعد ورثا عرفان کی میت کو آبائی شہر بہاولپور لے کر روانہ ہو گئے۔ سہراب گوٹھ ایدھی سینٹر کے سامنے طویل تعطل کے بعد ٹریفک کی روانی بحال ہو گئی جبکہ پولیس حکام ٹریفک کی بحالی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

فضائی آلودگی پر قابو پانے کیلئے موثر، سائنسی اور مستقل بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں، مریم اورنگزیب

لاہور (ویب ڈیسک) پنجاب کی سینئر وزیر برائے ماحولیات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ آلودگی پر قابو پانے کے لیے مؤثر، سائنسی اور مستقل بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5 وزیراعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں صوبے میں فضائی

پاکستان اسٹیل ملز کے جبری برطرف ملازمین کا دھرنا

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان اسٹیل ملز کے جبری برطرف ملازمین کا 85 ویں دن سے احتجاجی دھرنا جاری، وفاقی، صوبائی حکومت و اسٹیل ملز سی بی اور ٹریڈ یونین سے مایوس، ملازمین کا بڑی تحریک کا اعلان تفصیلات .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

ایس آئی یو پولیس کی حراست میں نوجوان کی ہلاکت، تفتیش ایف آئی اے منتقل کرنے کا فیصلہ

کراچی (ویب ڈیسک) ایس آئی یو پولیس کی حراست میں نوجوان کی ہلاکت کے کیس میں اہم پیشرفت سامنے آگئی، تفتیش ایف آئی اے منتقل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔ پولیس حکام نے تفتیش کا دائرہ وسیع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایس آئی یو کے اضافی چارج سنبھالنے والے ایس ایس پی اے وی ایل سی امجد شیخ کے مطابق کیس کی تفتیش ساتھ پولیس سے ایف آئی اے منتقل کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

گورنر سندھ سے ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ محمد کامران خان ٹیسوری سے پاکستان ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کے چیئرمین فواد اعجاز خان نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں کھیلوں کے فروغ اور ویٹرنز کرکٹ ایسوسی ایشن کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

2 افراد کے قتل میں ملوث باپ، بیٹا خیبر پختونخوا سے گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) کراچی ایسٹ زون انویسٹی گیشن پولیس نے ڈالمیا شانتی نگر میں پیپلز پارٹی کے یوسی وائس چیئرمین فائق خان سمیت 2 افراد کے قتل میں ملوث باپ اور بیٹے کو خیبر پختونخوا سے گرفتار کرلیا ہے۔ ایسٹ زون انویسٹی گیشن پولیس نے ڈالمیا شانتی نگر میں پیپلز پارٹی کے یوسی وائس چیئرمین فائق خان سمیت 2 افراد کے قتل میں ملوث باپ اور بیٹے کو خیبر پختونخوا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

لاہور: دریائے راوی میں پانی کے بہاؤ کے مناظر

کراچی: گھر کی دہلیز پر شہری سے موٹر سائیکل چھین لی گئی

کراچی (ویب ڈیسک) شہر میں موٹر سائیکلوں کی چھینا جھپٹی کے واقعات ختم نہ ہو سکے، ڈسٹرکٹ سینٹرل کے علاقے نارتھ کراچی میں شہری کو گھر کی دہلیز پر 125 موٹر سائیکل سے محروم کر دیا گیا۔ واردات کی فوٹیج سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ نارتھ کراچی سیکٹر فائیو سی فور میں 125 موٹر سائیکل پر سوار شہری جیسے ہی گھر کی دہلیز پر آ کر رکتا ہے، تعاقب میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

پنجاب سے آٹے کی ترسیل شفاف طریقے سے ہو رہی ہے، وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری

لاہور (ویب ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب نے آٹے کی فراہمی پر کسی قسم کی پابندی عائد نہیں کی یہ الزام حقائق کے منافی ہے، پنجاب سے آٹے کی ترسیل مکمل شفاف طریقے سے پراسس کے تحت ہو رہی ہے، پنجاب اپنے عوام کا حق کسی دوسرے صوبے کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

گمبٹ انسٹیٹیوٹ سندھ کی عوامی خدمت کا روشن چہرہ ہے، ارسلان شیخ

گمبٹ انسٹیٹیوٹ، انسانیت کی خدمت کو اولین ترجیح دی جاتی ہے، ترجمان حکومت سندھ

سکھر (ویب ڈیسک) میئر سکھر و ترجمان حکومت سندھ، بیرسٹر ارسلان اسلام شیخ نے گمبٹ انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز میں 140 کامیاب بون میرو ٹرانسپلانٹس مکمل ہونے پر انتظامیہ، ڈاکٹرز اور عملے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

چند لوگوں نے ملک پر اپنی اجارہ داری قائم کر رکھی ہے

حافظ نعیم

ملک میں تمام بچوں کو مفت تعلیم دینا ہوگی، تعلیم دولت کی بنیاد پر تقسیم نہیں ہونی چاہئے، امیر و غریب ہر کسی کو معیاری تعلیم ملنا اس کا حق ہے

21 نومبر کو مینار پاکستان سے نظام تبدیل کرنے کی تحریک کا آغاز ہوگا، امیر جماعت اسلامی کا اسلام آباد میں بنو قابل ٹیسٹ کے شرکاء سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ 21 نومبر کو مینار پاکستان سے نظام تبدیل کرنے کی تحریک کا آغاز ہوگا۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ایف نائن پارک اسلام آباد میں "بنو قابل" انٹری ٹیسٹ کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ریاست اپنی رٹ قائم کرنے کیلئے تو ڈنڈے کا استعمال .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

ماسٹر پلان نافذ ہو جاتا تو پیپلز پارٹی کے وزرا کنگلے ہو جاتے، خواجہ اظہار

تمام اداروں کو یکجا کرنے کے لیے کراچی ماسٹر پلان کا نفاذ ناگزیر ہے، پریس کانفرنس

کراچی (ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان (ایم کیو ایم) کے رہنما خواجہ اظہار الحسن نے کہا ہے کہ کراچی ماسٹر پلان نافذ ہو جاتا تو پیپلز پارٹی کے وزرا کنگلے ہو جاتے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے خواجہ اظہار الحسن نے کہا کہ سپریم کورٹ کے دباؤ پر بلدیاتی انتخابات کرائے گئے، کراچی ماسٹر پلان کی اختیاراتی لوکل گورنمنٹ سے چھین لی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے کراچی کسی ایک ادارے کے کنٹرول میں نہیں ہے، تمام اداروں کو یکجا کرنے کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

لاہور: دوکانداروں نے گٹر کی نشاندہی کیلئے بانس لگا رکھا ہے

کراچی: درجنوں وارداتوں میں ملوث 3 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) چکل پولیس نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کرتے ہوئے انتہائی مطلوب ڈکیت گروہ کو گرفتار کرلیا ہے۔ کراچی میں چکل پولیس کی خفیہ اطلاع پر انتہائی مطلوب ڈکیت گروہ کے خلاف کارروائی کرتے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

حیدرآباد کے ہر گھر میں 2 سے 3 افراد ڈینگی کا شکار ہیں، ایم کیو ایم

بلاول بھٹو اور آصف زرداری سے مطالبہ ہے کہ کرپٹ میئر کو نکال باہر کیا جائے

حیدرآباد (ویب ڈیسک) ایم کیو ایم پاکستان کے اراکین اسمبلی نے کہا ہے کہ ڈینگی کے حملے سے حیدرآباد شہر کا کوئی فرد محفوظ نہیں، ڈینگی سے اموات پر سرکاری سطح پر کوئی ذمے داری لینے کو تیار نہیں۔ حیدرآباد میں اتوار کو پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رکن قومی اسمبلی وسیم حسین نے کہا کہ ہر گھر میں 2 سے 3 افراد ڈینگی کا شکار ہیں، شہر میں اگر اسپرے نہیں ہو رہا تو یہ ایچ ایم سی کی ذمے داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم سڑکوں پر آتی ہے تو کہا جاتا ہے کہ افراتفری .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

عرفان بلوچ کی ہلاکت ظلم کی بدترین مثال ہے، جماعت اسلامی

کراچی (ویب ڈیسک) جماعت اسلامی سندھ نے کراچی میں پولیس کے تشدد سے نوجوان عرفان بلوچ کی ہلاکت کو ظلم اور سفاکیت کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ لواحقین کے مطالبے کے مطابق مقدمہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

لاہور: باغبانپورہ کے علاقے میں ایک خاتون مرغی خرید رہی ہے

400 کلومیٹر کا نیا ٹریک بنا رہے ہیں، وزیر ریلوے حنیف عباسی

مسافر ٹرین میں بھی سہولتیں بہتر ہو گئی ہیں، مسافروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کریں گے

لاہور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے کہا کہ پاکستان ریلوے 400 کلو میٹر کا نیا ٹریک بنا رہا ہے جو 2028 میں مکمل ہوگا، ریلوے کے نظام میں جدت لانے کے لیے کوشش کر رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے حنیف عباسی نے کہا کہ ریلوے میں جدید قسم کی تبدیلیاں کی جا رہی ہیں، کراچی ریلوے اسٹیشن لاہور سے کئی گنا بڑا بن گیا ہے، ریلوے میں ملازمین کی بھرتی میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کراچی میں آگ لگنے کے 3 واقعات، کروڑوں کا سامان جل کر خاکستر

اتوار کی صبح بلدیہ اتحاد ٹاؤن خیبر چوک کے قریب گودام میں اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کرلی

بلدیہ میں گودام میں لگنے والی آگ پر کئی گھنٹوں بعد قابو پایا گیا، آتشزدگی کے دوران کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، فائر بریگیڈ حکام

کراچی (ویب ڈیسک) شہر قائد میں آگ لگنے کے تین واقعات میں کروڑوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق اتوار کی صبح بلدیہ اتحاد ٹاؤن خیبر چوک کے قریب گودام میں اچانک خوفناک آگ بھڑک اٹھی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے شدت اختیار کرلی، آگ کے شعلے آسمان سے باتیں کرنے لگے، آگ نے گودام میں کھڑی گاڑیوں کو بھی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

کراچی کی ترقی کا مطلب سندھ کی ترقی ہے، صوبائی وزیر سعید غنی

بیوٹیفکیشن اور جدید سہولتوں کی فراہمی سندھ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، ناصر شاہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ، وزیر محنت و افرادی قوت سندھ سعید غنی اور چیف سیکرٹری سندھ سید آصف حیدر شاہ نے کمشنر کراچی، سیکرٹری بلدیات، ڈی آئی جی ٹریفک اور دیگر افسران کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران وفد نے شاہین کمپلیکس، آئی آئی چندریگر روڈ، میٹرو پول، شارع فیصل، شاہ فیصل ٹاؤن، ناتھا خان اور ملیر 15 سمیت مختلف مقامات پر جاری اور مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ وزیر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کراچی: لیاری کے علاقے کے پارک میں بچے کھیل میں مصروف ہیں

فلسطین ہماری شہ رگ کے قریب ہے، صادق شیخ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ سندھ کے سیکرٹری اطلاعات محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلم لیگ کے قائد چوہدری شجاعت حسین نے ہمیشہ دو قومی نظریہ، پاکستان کی سالمیت اور فلسطین سمیت مسلم امہ کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

لاہور: اتوار کے روز شہری بادامی باغ سے سبزی منڈی سے خریداری کر رہے ہیں

کراچی: کورنگی کے علاقے میں سڑک کنارے کچرے کا ڈھیر لگا ہوا ہے

قید سیاسی ورکرز کو بھی ڈاکوؤں کی طرح ایمنسٹی دی جائے، وسیم اختر

پالیسی کو کراچی، حیدرآباد، سکھر، نوابشاہ، میرپورخاص کے سیاسی قیدیوں پر بھی لاگو کریں، سابق مشیر داخلہ

کراچی (ویب ڈیسک) سابق مشیر داخلہ، سابق میئر کراچی اور متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما وسیم اختر نے مطالبہ کیا ہے کہ سندھ بھر کے جیلوں میں بغیر سزا قید انڈر ٹرائل سیاسی ورکرز اور ایم کیو ایم کارکنان کو بھی ایمنسٹی دی جائے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صدر زرداری اور وزیراعلیٰ سندھ نے قتل، اغوا برائے تاوان، اور ریپ میں ملوث ڈاکوؤں کو ریلیف دینے کے لیے ایمنسٹی پالیسی بنائی، یہ خوش آئند ہے کہ انھیں قومی دھارے میں لایا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

لیبر یونین کے وفد کی پی پی رہنما نثار کھوڑو سے ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) لیبر یونین کے وفد کی چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی نثار احمد کھوڑو صاحب سے ملاقات لیبر یونین کے عہدیداران نے صدر راؤ طارق اور جنرل سیکرٹری محمد اشرف کی خصوصی ہدایت پر چیئرمین لیبر یونین حسین ابراہیم کاکا اور نائب صدر حسن .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

بحیرہ عرب میں کم دباؤ شمال مغرب کی جانب بڑھ گیا، کراچی سے فاصلہ مزید کم

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران یہ نظام مزید منظم ہو کر شمال مغرب کی جانب بڑھ سکتا ہے، محکمہ موسمیات

کراچی (ویب ڈیسک) محکمہ موسمیات پاکستان نے بحیرہ عرب میں بننے والے کم دباؤ کے باعث پانچویں ٹروپیکل سائیکلون واچ جاری کر دی ہے۔ ترجمان محکمہ موسمیات کے مطابق مشرقی بحیرہ عرب میں موجود ہوا کا یہ دباؤ گزشتہ 12 گھنٹوں کے دوران شمال مغرب کی جانب بڑھا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا کہ موجودہ دباؤ کراچی کے جنوب، جنوب مشرق میں تقریباً 936 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے، جب کہ ممبئی (بھارت) سے اس کا فاصلہ تقریباً 700 کلومیٹر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

پی سی بی کا سابق ٹیسٹ کرکٹر محمد وسیم کو ہیڈ کوچ کے عہدے سے فارغ کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے محمد وسیم کو ہیڈ کوچ کے عہدے سے فارغ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ویمن ورلڈ کپ میں کرکٹ ٹیم کی ناقص کارکردگی پر پاکستان کرکٹ بورڈ تنقید ٹیلیوں کا فیصلہ کرلیا ہے، پی سی بی نے محمد وسیم کو ہیڈ کوچ کے عہدے سے فارغ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، بورڈ کی مکمل سپورٹ کے باوجود محمد وسیم نتائج دینے میں ناکام رہے۔ سابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

نذیر حسین یونیورسٹی کے ڈپارٹمنٹ آف کمپیوٹر سائنس کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد

کراچی (ویب ڈیسک) نذیر حسین یونیورسٹی کے ڈپارٹمنٹ آف کمپیوٹر سائنس کے زیر اہتمام سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں ماہرین ٹیکنالوجی، انٹر پرینورز اور طلبہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کے مقررین میں سی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کشمیری بھارتی ظلم و جبر کے خلاف جدوجہد کر رہے ہیں، سردار عبدالرحیم

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (فنکشنل) سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے یوم سیاہ کشمیر کے موقع پر اپنے ایک پرعزم بیان میں کہا ہے کہ 27 اکتوبر تاریخ کا وہ سیاہ دن ہے جب بھارت نے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات روکنا غیر جمہوری اور غیر اخلاقی طرز عمل ہے، سراج الحق



مشتاق احمد خان جلد دوبارہ جماعت اسلامی میں شامل ہوں گے، سابق امیر جماعت اسلامی

لوئر دیر (ویب ڈیسک) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے پیشگوئی کی ہے کہ مشتاق احمد خان جلد دوبارہ جماعت اسلامی میں شامل ہوں گے۔ لوئر دیر میں گفتگو کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ خیبر پختونخوا مالی و انتظامی بحران کی آخری حدوں کو .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

این پی او پاکستان کی جانب سے ورکشاپ کا انعقاد

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پاکستان کی نیشنل پروڈکٹیویٹی آرگنائزیشن (این پی او) نے جاپان کی ایشین پروڈکٹیویٹی آرگنائزیشن (اے پی او) کے اشتراک سے اسلام آباد، لاہور اور کراچی میں دو روزہ بین الاقوامی ورکشاپس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

ایم پی پی ایک اٹل حقیقت ہے، ڈاکٹر عشرت العباد خان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سابق گورنر سندھ اور میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے روح رواں ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ ایم پی پی ایک اٹل حقیقت ہے اور ہم سب کو جوڑنے اور ملک کو مستحکم اور عظیم مملکت بنانے کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

اپنی شادی کی "دعائے خیر" کا جوڑا مستقبل میں اپنی بہو کو دیں گی، اداکارہ ماہرہ خان

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کی معروف اداکارہ ماہرہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اپنی شادی کی "دعائے خیر" کا جوڑا مستقبل میں اپنی بہو کو دیں گی۔ سوشل میڈیا پر ماہرہ خان کے ایک انٹرویو کا کلپ وائرل ہو رہا ہے، جس میں وہ اپنی شادی کی تقریبات اور ملبوسات کے بارے میں گفتگو کر رہی ہیں۔ ماہرہ خان نے بتایا کہ ان کی شادی کی تقریبات کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

سندھ میں رواں ماہ ڈینگی کے 439 کیسز رپورٹ

کراچی 188، حیدرآباد 154، میرپورخاص 83، سکھر 10، شہید بینظیر آباد 3، لاڑکانہ میں 1 کیس رپورٹ

سرکاری اسپتالوں میں ڈینگی کے علیحدہ یونٹس قائم، مفت علاج اور ٹیسٹنگ کی جا رہی ہے، وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو

کراچی (اسٹاف رپورٹر) محکمہ صحت سندھ نے صوبے بھر میں ڈینگی کے مصدقہ کیسز سے متعلق تازہ رپورٹ جاری کر دی ہے جس کے مطابق رواں ماہ صوبے بھر میں ڈینگی کے 439 مصدقہ کیسز رپورٹ ہوئے ہیں جس کے بعد سال 2025 کے دوران مجموعی کیسز کی تعداد 1083 تک پہنچ گئی ہے۔ وزیر صحت سندھ ڈاکٹر عذرا پیچوہو کا کہنا ہے کہ کراچی ڈویژن سب سے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17